حقیقت فقہ حنفیہ
در جواب
حقیقت فقہ جعفریہ
از قلم حقیقت رقم
وکیل آل محمد حجۃ الاسلام مولانا غلام حسین نجفی فاضل عراق
Knowledge for All
Sabil-e-Sakina
Pakistan Sindh
Hyderabad

شعبہ تبلیغ کی دیگر مطبوعات مولفہ وکیل آل محمد مولانا غلام حسین نجفی

جاگیر فدک

اس کتاب میں مسئلہ فدک پر تفصیلی بحث ہے۔ اور قرآن وسنت کی روشنی میں جناب فاطمہ زہرہ کی سچائی کو ثابت کیا گیا ہے۔ ص ۵۱۲ صفحات بڑا سائز کاغذ اعلیٰ قیمت ۳۸/-

سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم

اس کتاب میں حضرت عمر کی دامادی کا دندان شکن جواب دیا گیا ہے اور حضرت عمر پر ایک سو اعتراض جواب طلب پیش کیا گیا ہے، صفحات ۴۴۰، یہ کتاب حکومت کی ضبط شدہ ہے۔

قول مقبول فی اثبات وحدت بنت رسول

اس کتاب میں مسئلہ عثمان داماد رسول کا ٹھوس جواب دیا گیا ہے اور نواصب کی دکھتی ہوئی رگوں کو بھی دبایا گیا ہے، صفحات ۵۶۰، یہ کتاب بھی ضبط شدہ ہے

ماتم اور صحابہ

اس کتاب میں گریہ، نوحہ، ماتم، خونی ماتم، فاقہ، ذوالجناح، سر میں خاک ڈالنا، تعزیہ مبارک، علم اور دیگر امور کا شریعت کی روشنی میں ٹھوس ثبوت دیا گیا ہے۔
صفحات ۲۵۰، قیمت ۱۵/- روپے

حقیقت فقہ حنفیہ در جواب حقیقت فقہ جعفریہ

اس کتاب میں فقہ حنفیہ کے قابل اعتراض مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے اور فقہ جعفریہ پر مخالف کے حملے کا دفاع کیا گیا ہے۔ صفحات ۱۶۰، یہ کتاب حکومت کی ضبط شدہ ہے۔

ہمارے شعبہ تبلیغ کی پانچویں پیشکش

اس رسالہ میں مولوی عبدالستار تونسوی۔ مولوی اللہ یار خاں چکڑالوی مولوی فیض احمد اویسی۔ امان اللہ لک۔ اور چار یاری مذہب کے دیگر بلا اجرت وکلاء کے فقہ جعفریہ پر کیے گئے تمام الزامات کا ٹھوس جواب دیا گیا ہے۔ نیز امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت کے بھانت بھانت کے فتووں پر بھی کسی قدر جرح کی گئی ہے

از قلم حقیقت رقم

حجۃ الاسلام علامہ غلام حسین نجفی (فاضل عراق)

سرپرست ادارہ تبلیغ اسلام ایچ بلاک ماڈل ٹاؤن
لاہور

ہمارے ادارہ تبلیغ کی دیگر مطبوعات

مؤلفہ حجۃ الاسلام علامہ غلام حسین صاحب نجفی فاضل عراق

جاگیر فدک جس میں مسئلہ فدک پر چار یاری مذہب کے وکلاء کے تمام عذر بہانوں کو غلط ثابت کیا گیا ہے اور بی بی کی صداقت، وسچائی کو قرآن وسنت کی روشنی میں ثابت کیا گیا ہے۔ کتاب لاجواب ہے۔ صفحات ۵۰۰ قیمت پچیس ۲۵ روپے

ماتم اور صحابہ اس کتاب میں نوحہ۔ ندبہ۔ گریہ۔ ماتم۔ خونی ماتم۔ فاقہ۔ سر میں خاک ڈالنا۔ سیاہ لباس پہننا۔ شبیہ ذوالجناح۔ علم مبارک اور عزاداری امام مظلوم پر چار یاری مذہب کے دیگر تمام اعتراضات کا قرآن وسنت کی روشنی میں ٹھوس جواب دیا گیا ہے۔ صفحات ۲۵۰ قیمت دس ۱۰ روپے

سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم اس کتاب میں اہلسنت کے اس اعتراض کا ٹھوس جواب دیا گیا ہے کہ عمر صاحب مولا علیؑ کا داماد تھا۔ مولوی محمد صدیق تاندلوی اور چار یاری مذہب کے دیگر بلا اجرت وکلاء کا قرضہ بمعہ افٹ سمیت لوٹایا گیا ہے۔ صفحات ۴۴۰ قیمت اکیس ۲۱ روپے

کلمہ طیبہ اس رسالہ میں علیؑ ولی اللہ وصی رسول اللہ وخلیفتہ بلافصل کے جزو ایمان ہونے پر مفصل بحث کی گئی ہے قیمت ایک روپیہ صرف

قول مقبول فی وحدۃ بنت الرسول زیر طبع ہے

منتظمین شعبہ نشر واشاعت

اظہر حسن خاں۔ محمد افضل حیدری

فہرست

غرض تالیف

ایک رسالہ "آئینہ شیعہ نما" مولفہ فیض احمد اویسی سنی۔ ایک رسالہ "حقیقت فقہ جعفریہ" مولفہ عبدالستار تونسوی سنی اور ایک رسالہ "نفاذ شریعت" مولفہ امان اللہ ملک ایل ایل بی ایڈووکیٹ گجرات پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ ان تینوں رسالوں میں غریب شیعوں پر ہر قسم کا کیچڑ اور گندگی اچھالی گئی ہے اور فقہ جعفریہ کو غلط انداز میں پیش کرنے کی ناکام کوشش کی گئی ہے اور ملت نعمان و مروان کو یہ باور کرایا گیا ہے کہ شیعوں کے فقہ جعفریہ کے نفاذ کا مطالبہ حقیقت میں اسلام کی مخالفت ہے۔ پس ہم معاویہ خیلوں کو یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ شیعہ قوم دین اسلام کی مخالف نہیں ہے بلکہ فقہ نعمان کی مخالف ہے۔ نیز پاکستان میں سنی بھائیوں نے جس اسلام کو تین حصوں میں بانٹا ہوا ہے دیوبندی اسلام بریلوی اسلام۔ وہابی اسلام۔ اس تقسیم کا نتیجہ یہ ہے کہ خود سنی بھائی ایک دوسرے کے اسلام کے دشمن ہیں یہ سب مل کر ایک اسلام کیوں نہیں اختیار کرتے۔ شیعان حیدر کرار قاضیوں کی پروان چڑھائی ہوئی فقہ سے بیزار ہیں شیعوں کا اسلام فقہ جعفریہ ہے اور یہی سچا اسلام ہے اس فقہ جعفریہ کو

بدنام کرنے کی خاطر ہمارے سنی دوستوں نے چند رسالے تحریر کئے ہیں اور ہمارے جذبات کو مجروح کیا ہے۔ رواداری کا ثبوت اپنی تحریر میں نہیں دیا دفاع کا حق ہر انسان کو ہے۔ لہذا دفاع کی خاطر ہمیں بھی مجبوراً قلم اٹھانا پڑا اور اس رسالہ میں ہم نے سنی فقہ کے پول کھولے ہیں۔ اور حنفیوں کے امام اعظم نعمان کے بھانت بھانت کے فتوؤں پر جرح کی ہے اور ہمارا مقصد صرف بدزبان ملاؤں کو لگام دینا ہے کسی سنی بھائی کی دلآزاری مقصود نہیں ہے یہ رسالہ درسی مصروفیات سے کچھ وقت نکال کر ذرا جلدی میں تحریر کیا ہے اگر کہیں کوئی خامی نظر آئے تو امید ہے کہ قارئین نظر انداز فرمائیں گے۔

اس رسالہ کی تحریر میں ہمارے معاون خصوصی عزیزم اظہر حسن خاں آف محمد علی والا رہے ہیں دعا ہے کہ خداوند کریم عزیز کو اپنی توفیقات خاصہ سے نوازتا رہے۔

خادم فقہ جعفریہ

غلام حسین نجفی

سرپرست ادارہ تبلیغ اسلام۔ ماڈل ٹاؤن

ایچ بلاک لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض ناشر

دور حاضر میں جب پاکستان کی غرض تخلیق کو پورا کرنے کے لئے "اسلامی نظام نافذ کرو" کا نعرہ بلند کیا گیا تو شیعہ سُنی اس نعرے میں متحد تھے لیکن جب مقصد پورا ہوتا نظر آیا تو سنی بھائیوں نے اسلامی نظام کی بجائے فقہ نعمان کو پیش کیا۔ چونکہ چودہ سو برس کی تاریخ گواہ ہے کہ شیعان حیدر کرار کے نزدیک اسلامی نظام سے مراد فقہ جعفریہ ہے لہذا شیعوں نے مطالبہ کیا کہ سُنی بھائی فقہ نعمان پر عمل کریں اور ہم فقہ جعفریہ پر عمل کریں گے۔ بجائے اس کے کہ سنی بھائی افہام و تفہیم سے کام لیتے دو عدد رسالے مذمت فقہ جعفریہ میں لکھ کر شیعوں کے دکھے ہوئے زخموں کو اور دکھا دیا۔ لہذا ہم طلبہ جامع المنتظر نے ان رسالوں کے جواب دینے کی خواہش استاذنا المکرم سے کی۔ تاکہ چوہا خواب میں بھی اپنے آپ کو اونٹ تصور نہ کرے اور سُنی یہ نہ سمجھیں کہ بس ہم نے شیعوں کو تحقیق کی چکی میں پیس ڈالا ہے۔ علامہ صاحب قبلہ کے ہم شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنی تدریسی مصروفیات سے کچھ وقت نکال کر مخالف کے اعتراضات کا ٹھوس جواب دیا ہے اور فقہ نعمان کے بھانت بھانت کے فتووں پر کچھ جرح بھی کی ہے

ہمارا مقصود قطعاً سُنی عوام کی دلآزاری نہیں ہے بلکہ ان کے علماء کو یہ بتلانا مقصود ہے کہ "ننگی نہائے نچوڑے کیا" آپ جس فقہ کے پاسبان ہیں وہ جگہ جگہ سے پھٹی ہوئی ہے آپ پہلے اس کی مرمت کریں شیعان حیدر کرار سے الجھنے کی کوشش مت کریں۔

نوٹس ۔ یہ رسالہ صرف شیعہ بھائیوں کے لئے تحریر کیا گیا ہے دوسرے مذاہب اسے نہ ہی خریدیں اور نہ ہی پڑھیں کیونکہ یہ جوابی کاروائی ہے اور اس کو پڑھنے کیلئے حوصلہ چاہیئے کیونکہ

ع کہیں ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

ناشر خادم فقہ جعفریہ ۔ اظہر حسین خان آف محمد علی والا ضلع سرگودھا

الحمدُ لاھلہ والصلوٰۃ لاھلہا

فقہ کی تعریف

الفقة فی الاصطلاح هو العلم بالاحكام الشرعية الفرعية عن ادلتها التفصيلية (معالم الاصول)

ترجمہ۔ تفصیلی دلیلوں سے احکام شرعیہ فرعیہ کو جاننا

تفصیلی دلیلوں سے مراد قرآن اور سنت ہے۔ اور سنت سے مراد فرمان رسولؐ عمل رسول اور تقریر رسول ہے۔ اور ان تینوں کے بیان میں جو الفاظ مسلمانوں تک پہنچے ہیں ان کو حدیث و روایت کہتے ہیں۔ اہل تشیع کے نزدیک سنت وہ معتبر ہے جس کا بیان شیعوں کے بارہ اماموں میں سے کسی ایک نے فرمایا ہے چونکہ اہل سنت کے خلفا اپنے زمانے میں شیعوں پر اور ان کے اماموں پر ظلم کرتے رہے ہیں لیکن امام محمد باقرؑ و امام جعفر صادق علیہ السلام کے زمانے میں بنو امیہ اور بنو عباس کی آپس میں خلافت کے بارے میں لڑائی ہو گئی پس شیعوں کو کچھ آزادی مل گئی اور اپنے مذکورہ دونوں اماموں کی خدمت میں پہنچ کر سنت رسولؐ کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کیں۔ اور ان دونوں اماموں سے احادیث کی زیادہ مقدار روایت کی گئی ہے۔ چونکہ احادیث کے الفاظ سے جو احکام سمجھے جاتے ہیں انہی کو علم الفقہ کہتے ہیں اور احادیث زیادہ مقدار میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے توسل سے شیعوں تک پہنچی ہیں۔ پس اسی مناسبت سے شیعہ فقہا اپنی فقہ کو فقہ جعفریہ کہتے ہیں ورنہ مذکورہ کو فقہ علویہ، فقہ حسینیہ، فقہ حسنیہ، فقہ سجادیہ

الی آخرہ کہا جا سکتا ہے۔ شیعوں میں بارہ اماموں کو مجتہد اور فقیہ نہیں کہا جاتا کیونکہ مجتہد یا فقیہ وہ ہوتا ہے جس کا علم کچھ مقدار یقینی اور کچھ مقدار ظنی ہوتا ہے۔ نیز ان کا علم کسبی ہوتا ہے اور خطا سے معصوم بھی نہیں ہوتے۔ اور امام کا علم تمام کا تمام یقینی ہوتا ہے۔ اور وہبی ہوتا ہے اور امام خطا سے بھی پاک ہوتا ہے۔ شیعہ راویوں نے اپنے اماموں سے جب سنت رسولؐ کو احادیث و روایات کی صورت میں بیان کیا تو بعد میں انہی احادیث سے شیعوں کے ہاں کتب احادیث مرتب ہوئیں۔ شیعوں میں حدیث کی کتابیں بہت ہیں مگر ہم صرف چند کا تذکرہ بطور مثال پیش کرتے ہیں۔

۱۔ کافی شریف۔ یہ چھ جلدوں میں ہے اور اس میں سولہ ہزار ایک سو ننانوے حدیث درج ہے اس کے مؤلف شیخ ابوجعفر محمدؒ ابن یعقوب کلینی ہیں۔ ان کی وفات ۳۲۶ھ میں ہوئی ہے۔

۲۔ من لا یحضرہ الفقیہ۔ اس میں نو سو چوالیس احادیث درج ہیں۔ اس کے مؤلف شیخ ابوجعفر محمدؒ بن بابویہ قمی ہیں۔ انہوں نے ۳۵۱ھ میں وفات پائی ہے۔

۳۔ تہذیب الاحکام۔ اس میں تیرہ ہزار پانچ سو نوے احادیث درج ہیں

۴۔ الاستبصار۔ اس میں پانچ ہزار پانچ سو گیارہ احادیث درج ہیں۔

ان دونوں کے مؤلف شیخ ابوجعفر محمد بن حسن طوسی ہیں۔ اور انہوں نے ۴۶۰ھ میں وفات پائی ہے۔

۵۔ وسائل الشیعہ۔ یہ پچاس جلدوں میں ہے اس کے مؤلف شیخ حر عاملی ہیں۔

۶۔ بحار الانوار۔ یہ ستائیس جلدوں میں ہے اس کے مؤلف علامہ محمد باقرؒ مجلسی ہیں۔

۷۔ الوافی۔ ۳ جلد۔ اس کے مؤلف جناب محسن فیض کاشانی ہیں۔

۸۔ مستدرک الوسائل۔ ۳ جلد۔ اس کے مؤلف مرزا حسین نوریؒ ہیں۔

۹۔ کمال الدین۔ علی ابن بابوی اس کے مؤلف ہیں۔

۱۰۔ الخصال۔ اس کے مؤلف شیخ صدوق ہیں۔

نوٹ۔ ان احادیث کی کتابوں سے جو علماء احکام شرعیہ کا مخصوص شرائط کے ساتھ استنباط کرتے ہیں ان کو فقہاء و مجتہدین کہا جاتا ہے اور ان احکام کو علم الفقہ کہا جاتا ہے۔ شیعوں میں فقہ کی کتابیں بہت ہیں یہاں چند کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

۱۔ جواہر الکلام۔ ۴۰ جلد مؤلفہ رئیس الفقہا شیخ محمد حسن نجفی۔

۲۔ مفتاح الکرامۃ۔ مؤلفہ آقائے رضا ہمدانی

۳۔ ذرائع الاحلام۔ مؤلف فاضل مامقانی

۴۔ الحدائق الناظرہ۔ مؤلف شیخ یوسف بحرانی

۵۔ ریاض المسائل

۶۔ مسالک الافہام۔ مؤلف شہید ثانی زین الدین علی بن احمد

۷۔ المبسوط۔ مؤلف شیخ طوسی

۸۔ الخلاف۔ مؤلف شیخ طوسی

۹۔ المقنعہ۔ مؤلف شیخ صدوق

۱۰۔ المقنعہ۔ مؤلف شیخ مفید بن محمد

۱۱۔ شرح المختصر النافع۔ مؤلف ابن فہد حلی احمد بن محمد

۱۲۔ التذکرہ۔ مؤلف علامہ حلی حسن بن یوسف

۱۳۔ تبصرہ مؤلف علامہ حلی حسن بن یوسف

۱۴۔ المنتہیٰ۔ مؤلف علامہ حلی حسن بن یوسف

۱۵۔ قواعد الاحکام۔ مؤلف علامہ حلی حسن بن یوسف

۱۶۔ المختلف۔ مؤلفہ علامہ حلی

۱۷۔ التحریر۔ مؤلف علامہ حلی

۱۸۔ السرائر۔ مؤلف محمد بن ادریس

۱۹۔ معتبر۔ مؤلف ابوالقاسم جعفر بن حسن محقق حلی۔

۲۰۔ الکافیۃ۔ مؤلف ابی الصلاح حلبی۔

۲۱ - البیان
۲۲ - دروس
۲۳ - ذکریٰ
۲۴ - الفیۃ
مولف شہید اول شمس الدین محمد

۲۵ - الوسیلۃ - مؤلف محمد بن علی بن حمزہ

۲۶ - شرح لمعہ دمشقیہ - مولف شہید ثانی

۲۷ - غنیہ - مولف سید ابی المکارم بن زہرہ

۲۸ - المراسم - مولف سالار بن عبدالعزیز دیلمی

۲۹ - مہذب - مؤلف قاضی بن البراج

۳۰ - المحرر - مولف ابن فہد حلی

۳۱ - الموجز - مولف ابن فہد حلی

۳۲ - جامع المقاصد - مولف محقق ثانی شیخ علی کرکی ۔

۳۳ - الفقہ - مولف کاظم طباطبائی

۳۴ - مستمسک العروہ - مولف سید محسن حکیم

۳۵ - مفتاح کتب اربعہ - مولف سید مہدی موسوی

۳۶ - جامع الفروع - مولف آقا حسین بروجردی

۳۷ - الفتاوی الواضحہ - مولف سید باقر صدر

۳۸ - الفقہ الاسلامی - مؤلف سید باقر شیرازی

۳۹ - الفقہ الصادق - مولف محمد صادق روحانی

۴۰ - وسیلۃ النجاۃ - مؤلف ابو الحسین اصفہانی

۴۱ - ذخیرۃ المعاد - مولف شیخ زین الدین

۴۲ - ارشاد المبتدین - مولف سید محمد تقی

۴۳ - مناسب الانوار - مولف شیخ اسداللہ کاظمینی

۴۴ - دُرِ ثمین - شیخ مرتضیٰ انصاری

۴۵ - المکاسب - مرتضیٰ انصاری

۴۶ - العروۃ الوثقیٰ - کاظم یزدی

۴۷ - تنقیح العروہ
مولف ابو القاسم خوئی مدظلہ

۴۸ - تحریر الوسیلۃ - مولف آقا روح اللہ خمینی مدظلہ

۴۹ - شرائع الاسلام - مؤلف محقق حلی

۵۰ - منہاج الصالحین - مؤلف محسن حکیم مدہ

نوٹ - شیعوں نے جو کتابیں - احادیث - تفاسیر - فقہ - تاریخ - علم رجال علم اصول الفقہ - علم النحو - علم صرف - علم منطق - علم فلسفہ - علم بلاغت علم عروض - علم تجوید - علم اشتقاق - علم طب - علم ادب کی لکھی ہیں اگر کوئی شخص ان کی تفصیلات معلوم کرنا چاہے تو آغا بزرگ طہرانی کی کتاب الذریعہ الی التصانیف الشیعہ کو پڑھے - مذکورہ کتاب گیارہ جلدوں میں شیعہ کتب کی ایک چھوٹی سی فہرست ہے ۔

مولانا عبدالستار تونسوی کے ہزلیات کا جواب

۱ - مولانا موصوف نے اپنے رسالہ حقیقت فقہ جعفریہ کے صفحہ نمبر ۳۲ پر یوں گلریزی گلشن کلام میں کی ہے کہ شیعہ فقہ جعفریہ کی آڑ میں اسلامی نظام کے نفاذ کی مخالفت کر رہے ہیں ۔

جواب

تونسوی صاحب کو لمبے داڑھے کے ساتھ جھوٹ بولنے اور مکر و فریب کرنے سے شرم ہی نہیں آئی شیعوں نے کبھی بھی اسلامی نظام کی مخالفت نہیں کی - بات دراصل یہ ہے کہ اسلامی نظام دراصل اس وقت چھ صورتوں میں دنیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے ۔

۱ - فقہ جعفریہ ۲ - فقہ حنفیہ ۳ - فقہ مالکیہ

۴ - فقہ حنبلیہ ۵ - فقہ شافعیہ ۶ - مسلک اہلحدیث

دنیا میں اس وقت تمام مسلمان مذکورہ چھ فرقوں میں تقسیم ہیں اور سب کے

سب اسلام کے دعوے دار ہیں اور ہر فرقہ اسلام کو اپنی فقہ اور مسلک کی صورت میں پیش کرتا ہے اور دوسروں کے پیش کردہ اسلام پر تنقید کرتا ہے بلکہ مخالفت کرتا ہے۔ پس ہم شیعان حیدر کرار اس اسلام کے مخالف نہیں جسے پیغمبر اسلام نے پہنچایا ہے۔ کیونکہ اہل البیت ادری بما فی البیت۔ گھر والے زیادہ جانتے ہیں کہ اس گھر میں کیا ہے۔

پیغمبر اسلام نے جو اسلام پہنچایا تھا آنجناب کے اہلبیت اس اسلام کو دوسرے لوگوں سے بہتر جانتے تھے اور اہلبیت نبوۃ نے وہ اسلام ہم شیعوں تک پہنچایا ہے۔ پس صحیح اسلام ہمارے پاس ہے اور حنفی حضرات جس اسلام کو فقہ حنفیہ کی شکل میں پیش کرتے ہیں ہم اس کو اسی طرح قبول نہیں کرتے جس طرح مالکی۔ شافعی حنبلی اور اہلحدیث اسے قبول نہیں کرتے

خلاصہ

ہم اسلام کے مخالف نہیں ہیں ہم فقہ نعمان کے مخالف ہیں اور تونسوی کا یہ کہنا کہ اسلامی نظام کے اعلان سے شیعہ رؤساء، علماء، وکلاء مجتہدین حضرات کے گھر میں صف ماتم بچھ گئی ہے یہ تونسوی کی مکاری ہے۔ جواباً ہم بھی کہتے ہیں کہ نفاذ فقہ جعفریہ کے مطالبہ سے تونسوی جیسے مناظر اور امان اللہ لک جیسے ایل ایل بی اور اس کے استاد مولوی اللہ یار خاں کے گھر مرگ عثمان ہو گئی ہے۔

۲۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۵-۶ پر اپنے صدف ذہن سے اس طرح آبدار موتی اگلے ہیں کہ شیعوں کے عقیدہ میں ابوبکر اور عثمان وغیرہ نے نبی کریم کے بعد دین کو بگاڑ دیا تھا اور جناب امیر نے اس بگڑے ہوئے دین کی اصلاح کرنا

ضروری نہیں سمجھا۔ پس شیعوں کو اسی بگڑے ہوئے دین پر چلنا چاہیے۔

جواب۔

تونسوی صاحب کیوں تجاہل عارفانہ کرتے ہو۔ چودہ سو برس سے شیعہ سنی کا یہی تو جھگڑا ہے۔ شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ صحابہ کرام میں سے ابوذرؓ۔ سلمانؓ مقدادؓ۔ عمارؓ۔ بلالؓ۔ ابو ایوبؓ انصاری وغیرہ نے نبی کریم سے جو احادیث معتبر طریق سے نقل کی ہیں وہ حجت ہیں اور حضرت علیؑ سے لیکر امام مہدیؑ تک آئمہ اہلبیت نے جو احادیث نبوی بیان فرمائی ہیں اور صحیح اسناد سے ہم تک پہنچی ہیں وہ حجت ہیں

خلاصہ

مذکورہ ہستیوں نے اسلام کی جو تشریح کی ہے اور جو شکل و صورت پیش کی ہے ہم اسی کو صحیح اسلام اور دین محمدی سمجھتے ہیں اور اہل سنت کے بزرگوں نے مثلاً ابوہریرہ، ابوبکر۔ عمر۔ عثمان۔ نعمان۔ شافعی۔ مالک اور احمد بن حنبل۔ بخاری مسلم۔ غزالی۔ رازی۔ ابن تیمیہ۔ ابن عربی اور ابن کثیر وغیرہ نے جو شکل و صورت اسلام کی پیش کی ہے چودہ سو برس کی تاریخ گواہ ہے کہ شیعہ اسے کسی قیمت پر قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہوئے۔ جناب امیر نے شیخین کے بگڑے ہوئے اسلام کی اصلاح فرمائی تھی۔ البتہ آنجناب نے اپنی رعایا کو اس پر چلنے کیلئے مجبور نہیں کیا تھا اور یہی انصاف ہے کہ حاکم اپنی رعایا کو اپنے عقیدہ پر چلنے کے لئے مجبور نہ کرے اور نہ ان کا قتل عام کرے۔

۳۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۸ پر یہ گوہر افشانی بھی کی ہے کہ شیعوں کو ان کے اماموں نے تقیہ کا حکم دیا تھا۔ پس شیعہ تقیہ میں رہیں اور فقہ جعفریہ کا

مطالبہ نہ کریں۔

جواب

تقیہ کوئی بری بات نہیں ہے کیونکہ اہلسنت کی بخاری شریف میں لکھا ہے قال الحسن التقیۃ الی یوم القیامۃ کہ تقیہ قیامت تک جائز ہے۔ نیز نبی کریم اور ابوبکر بھی تین دن تک تقیہ کر کے غار میں چھپے رہے تھے۔ نیز سنیوں کا امام اعظم ابو حنیفہ بھی تقیہ کر کے زید ابن علی کی طرفداری کرتا تھا۔ ثبوت تاریخ خمیس صفحہ ۳۲۷ ج ۲

نیز بخاری شریف ذکر اسلام عمر میں لکھا ہے کہ اسلام لانے کے بعد عمر صاحب بھی گھر میں تقیہ کر کے بیٹھ گئے تھے۔ نیز عثمان صاحب بھی موت سے پہلے چند دن تقیہ کر کے گھر میں بیٹھے رہے۔ نیز معاویہ بھی فتح مکہ سے پہلے چند دن تقیہ میں رہا۔ نیز معاویہ اور حجاج کے زمانے میں اہلسنت کے بڑے بڑے بزرگ تقیہ میں رہے۔ پس شیعوں کو ان کے اماموں نے اس وقت تقیہ کا حکم دیا تھا۔ جب اہلسنت کے خلفاء اور حکام ان پر ظلم کرتے تھے اور ان کو قتل کرتے تھے۔ پس شیعوں نے اپنی جان بچانے کی خاطر تقیہ کیا اور اس میں کیا ہرج ہے۔ اب جبکہ شیعوں کو جان کا خطرہ نہیں رہا تو تقیہ کی ضرورت بھی نہیں۔ پس شیعوں کا یہ جائز مطالبہ ہے کہ ہم اپنے امور زندگی میں فقہ جعفریہ پر عمل کریں گے اور دیگر مذاہب اسلام اپنی اپنی فقہ پر عمل کریں۔

۴۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۹ پر یہ فریب کاری بھی کی ہے کہ شیعوں نے انگریز کے زمانہ میں یا پاکستان بننے کے بعد لیاقت علی خاں سے شیعہ نواز بھٹو تک فقہ جعفریہ کا مطالبہ کیوں نہ کیا۔

جواب۔ بھٹو صاحب کا نام اہلسنت ملوانوں کے دل پر نشتر کا کام کرتا ہی

رہے گا۔ تونسوی کو مکر و فریب سے شرم کرنی چاہیئے۔ انگریز کے زمانے میں جتنی مقدار اسلام عدالت میں قبول تھا وہ طلاق۔ نکاح۔ میراث کے احکام تھے۔ اور شیعوں کے لئے ان تینوں امور میں فقہ جعفریہ کے مطابق اور سنیوں کے لیے فقہ حنفیہ کے مطابق فیصلے ہوتے تھے۔ اور ہمارا اس دعوے پر عدالت کا ریکارڈ گواہ ہے۔ اب جبکہ عدالتی امور میں اہلسنت چاہتے ہیں کہ فقہ حنفیہ رائج ہو تو ہم شیعوں کا یہ جائز مطالبہ ہے کہ ہمارے لئے تمام عدالتی کاروائی فقہ جعفریہ کے مطابق کی جائے۔

۵۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۱۰ پر یہ فریب کاری بھی کی ہے کہ فقہ جعفریہ نہ تو رسول اللہ سے منسوب ہے اور نہ ہی جناب علیؑ سے لے کر امام محمد باقرؑ تک کسی امام سے منسوب ہے بلکہ صرف امام جعفر صادق کی طرف منسوب ہے اور یہ جھوٹ ہے۔

جواب

ہم تو مولوی عبد الستار کو پڑھا لکھا آدمی سمجھتے تھے لیکن موصوف کا رسالہ دیکھنے کے بعد معلوم ہوا ہے کہ موصوف یا تو علم اصول فقہ اور علم فقہ سے ناواقف ہیں یا پھر جان بوجھ کر ملک میں شیعہ سنی فساد برپا کرنا چاہتے ہیں۔ بات دراصل یہ ہے کہ فقہ کے احکام احادیث سے لئے جاتے ہیں اور شیعوں کی حدیث کی کتابیں گواہ ہیں کہ نبی کریمؐ اور حضرت علیؑ سے لیکر امام مہدی تک تمام معصوموں کی حدیثیں تحریر ہیں اور فقہ جعفریہ کو فقہ نبویہ، علویہ۔ حسنیہ۔ حسینیہ، سجادیہ کہنا درست ہے۔ اگر تونسوی کی یوں تسلی نہیں ہوتی تو ہم عرض کرتے ہیں کہ فقہ حنفیہ نہ ہی

رسول اللہ سے منسوب ہے اور نہ ہی ابوبکر و عمر و عثمان و معاویہ و یزید سے منسوب ہے۔ یہ فقہ صرف ابو نعمان ابو حنیفہ کی طرف منسوب ہے اور حضرت نعمان کی فقہ وہ ہے جس میں کتے کا چمڑہ بھی پاک سمجھا جاتا ہے۔ پس ایسی فقہ کو ہم نہیں مانتے۔ ہمارا یہ مطالبہ ہے ہم اس فقہ پر عمل کریں گے جو ہمارے بارہ اماموں کے ارشادات کی روشنی میں درست ہے۔

۶۔ تونسوی صاحب نے اپنے رسالہ کے ص۱۱ میں یہ پُر فریب چال بھی چلی ہے کہ فقہ جعفریہ کو امام صادقؑ نے نہ ہی دیکھا تھا اور نہ ہی اس پر عمل کیا تھا۔ اور نہ ہی اس پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔

جواب۔

تونسوی صاحب جان بوجھ کر تجاہل عارفانہ کرتے ہیں۔ فقہ وہ علم ہے، اور احکام ہیں جو نبیؐ کریم اور آئمہ اہلبیت علیہم السلام کی احادیث کی روشنی میں حاصل کئے جاتے ہیں۔ فقہ جعفریہ نبیؐ کریم اور آئمہ اہلبیت کے ارشادات کی روشنی میں حاصل کی گئی ہے۔ پس فقہ جعفریہ کے وہی احکام ہیں جن پر نبیؐ کریم اور آئمہ اہلبیت نے خود بھی عمل فرمایا ہے اور اپنے شیعوں کو اس پر عمل کرنے کا حکم بھی دیا ہے۔

اگر تونسوی صاحب کی تسلی نہیں ہوئی تو پھر ہم یوں عرض کریں گے کہ فقہ حنفیہ کا بانی نعمان (ابو حنیفہ) امام اعظم ۸۰ھ میں پیدا ہوا اور ۱۵۰ھ میں وفات پائی۔ لہٰذا فقہ حنفیہ کو نہ ہی رسول اللہ نے دیکھا اور نہ ہی اس پر عمل کرنے کا حکم دیا۔ پس فقہ نعمان جھوٹ کا پلندہ ہے اور جس طرح فقہ نعمان کو اہلسنت کے دوسرے مذہب تسلیم نہیں کرتے اسی طرح ہم شیعان حیدر کرار بھی فقہ حنفیہ کو نہیں مانتے۔

۷۔ تونسوی نے اپنے رسالہ کے ص۱۲ میں یہ چالاکی بھی کی ہے کہ مدینہ طیبہ میں آنحضرت کے مبارک دور سے فقہ اہلسنت ہی چل رہی ہے اور امام جعفر صادقؑ نماز، روزہ، عبادات و معاملات تمام امورِ زندگی میں اسی پر عمل پیرا بھی رہے ہیں۔

جواب۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ ـــــ عبدالستار تونسوی صاحب جھوٹ بولنے کے تمام باڈر کراس کر گئے ہیں۔ کیونکہ اہلسنت کی کتاب الفقہ علی مذاہب الاربع کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ نعمان صاحب ۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۵۰ھ میں مر گئے اور امام مالک ۹۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۷۹ھ میں مر گئے اور امام شافعی ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ میں مر گئے اور امام احمد حنبل ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۴۱ھ میں مر گئے۔ پس نبیؐ کریم کے مدینہ طیبہ میں آنے کے بعد ۸۰ھ تک اہلسنت کے کسی امام کا دنیا میں وجود ہی نہیں تھا لہٰذا ان کی چاروں فقہ کو نہ ہی نبیؐ کریم نے دیکھا ہے اور نہ ہی ان پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ پس یہ غلط ہیں ہم تونسوی صاحب کو چیلنج کرتے ہیں کہ وہ اس بات پر ہم سے مناظرہ کریں اور یہ ثابت کریں کہ اہلِ مدینہ رسول اللہ کے مبارک دور سے حنفیوں کی فقہ پر عمل پیرا تھے۔

کتاب تتمۃ المنتہیٰ ص۳۳۶ میں لکھا ہے کہ عباسی خلیفہ ابوالعباس احمد قادر باللہ جس کا سن وفات ۴۲۳ھ ہے اس زمانہ میں اہل اسلام کا اختلاف

فروعی مسائل کا اتنا بڑھ گیا تھا کہ اسلام ایک مذاق بن گیا۔ پس قادر باللہ نے دانشوروں کی ایک میٹنگ بلائی اور اختلاف کی روک تھام کے لئے یہ آرڈر دیا کہ تمام مذاہب کے رؤسا کو جمع کیا جائے اور انہیں ایک ایک لاکھ درہم بیت المال میں جمع کرانے کا حکم دیا جائے تاکہ ان کا مذہب سرکاری طور پر تسلیم کر لیا جائے حنفی۔ مالکی۔ شافعی۔ اور حنبلی لوگوں نے ایک ایک لاکھ درہم دے کر اپنے اپنے مذہب کو رجسٹرڈ کروا لیا۔ اس زمانے میں شیعوں کے بڑے عالم اور رئیس علی ابن الحسین سید مرتضیٰ علم الھدیٰ تھے۔ انہوں نے ۸۰ ہزار درہم دینے کی پیشکش کی تھی لیکن حکومت کی مطلوبہ رقم پوری نہ ہونے کی وجہ سے فقہ جعفریہ کو سرکاری طور پر تسلیم نہ کیا گیا۔

خلاصہ

تونسوی صاحب عوام کو چکر نہ دیں شیعہ اسلام کے مخالف نہیں ہیں بلکہ فقہ نعمان کے مخالف ہیں۔ شیعوں کے تین امام رسول اللہ کے زمانے میں موجود تھے۔

۱۔ حضرت علیؑ ۲۔ حضرت امام حسنؑ ۳۔ حضرت امام حسینؑ

اور ان تینوں کی پرورش رسول اللہ نے کی۔ ان کے خون اور گوشت کو نبیؐ نے اپنا خون اور گوشت فرمایا۔ ان کی اطاعت کو اپنی اطاعت اور ان کی نافرمانی کو اپنی نافرمانی۔ ان کی محبت کو ایمان اور ان کے بغض کو نفاق سے تعبیر فرمایا۔ اور فقہ حنفیہ کے بانی نعمان صاحب تو نبی کریم سے تقریباً ستر سال بعد پیدا ہوئے ہیں۔ اہل سنت کی کتاب شذرات الذہب صفحہ ۲۲/۲ میں لکھا ہے —

نعمان لہٗ دارٌ کبیرٌ لعمل الخز وعندہ صناع

کہ نعمان صاحب کا ایک بہت بڑا گھر تھا اور اس گھر میں نعمان کا کھڈی کا بہت بڑا کاروبار تھا۔

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت نعمان بہت بڑے جولاہے تھے۔ پس کجا ایک بہت بڑا جولاہا اور کجا دین اسلام۔ جولاہا مسلمان تو ہو سکتا ہے لیکن امت محمدی کا امام نہیں ہو سکتا۔ چونکہ نعمان صاحب جولاہے تھے لہذا چار حرف پڑھنے کے بعد ایسے بے تکے فتوے دیئے کہ شرم سے تمام عالم اسلام کی گردن جھک گئی۔ یہ فتویٰ نعمان کا ہی فقہ اکبر میں ہے کہ والدا رسول اللہ ماتا علی الکفر کہ نبی کریم کے والدین (معاذ اللہ) کفر کی حالت میں مرے ہیں۔

پس ہم ایسے بے ادب امام کی فقہ نہیں مانتے۔ طبقات الشافعیہ میں لکھا ہوا ہے کہ کوئی ہاشمی حضرت علیؑ پر کسی غیر کو ترجیح نہ دے گا اور آنجناب سے اس کو افضل نہ سمجھے گا۔ اور ہم بھی یہی عرض کرتے ہیں پاکستان کا کوئی سید امام اعظم (جولاہے) کو امام جعفر صادق علیہ السلام (جو کہ نبی کریم کے فرزند ہیں) پر ترجیح نہیں دے گا۔

۸۔ تونسوی صاحب نے اپنے رسالہ کے صفحہ ۱۲ میں یہ چال بھی چلی ہے کہ امام جعفر صادقؑ کی وہی فقہ ہے جو انہوں نے اپنے شاگردان رشید ابو حنیفہ، مالک اور دیگر اکابر اہلسنت کو تعلیم فرمائی تھی۔ پس یہی فقہ حنفیہ حقیقت میں فقہ جعفریہ ہے۔

جواب۔

تونسوی صاحب! کیا آپ کا ذہنی توازن تو خراب نہیں ہو گیا! اگر امام

جعفر صادق آپ کے تمام بزرگوں کے استاد ہیں تو کیا وجہ ہے کہ اہلسنت کے امام بخاری اور مسلم نے اپنی حدیث کی کتابوں میں ان سے حدیث کیوں نہیں لی یا آپ کی فقہ کی کتابوں میں امام جعفر صادقؑ کے فرامین کیوں مذکور نہیں اور اس فقہ حنفیہ کو فقہ جعفریہ کا نام کیوں نہیں دیا جاتا۔ فقہ حنفیہ کو فقہ جعفریہ کہنا یہ چودھویں صدی میں آپ کا ڈھکوسلا اور سفید جھوٹ ہے لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔

۹۔ تونسوی صاحب نے اپنے رسالہ کے صد۳ میں اس فریب سے بھی کام لیا ہے کہ شیعہ کی کتب حدیث یا کتب فقہ نہ ہی امام جعفر صادقؑ نے خود تحریر فرمائی ہیں اور نہ ہی اپنے شاگردوں کو لکھوائی ہیں پس شیعہ اپنی فقہ کو فقہ جعفریہ کیسے کہہ سکتے ہیں۔

جواب۔

تونسوی صاحب! نبی اور امام خود کتابیں نہیں لکھتے اور نہ ہی کسی کو پاس بٹھا کر لکھواتے ہیں بلکہ لوگ انبیاء اور آئمہ کے ارشادات سنتے ہیں اور پھر عامۃ الناس خود ہی انہیں لکھتے ہیں اور وہ فرامین حدیث کہلاتے ہیں اور ان سے جو احکام سمجھے جاتے ہیں وہ احکام فقہیہ کہلاتے ہیں اور آپ کی الٹی منطق نے تو اہلسنت کے تمام مذہب کا جنازہ نکال دیا ہے کیونکہ آپ کی کتب احادیث یا کتب فقہ نہ تو رسول اللہ نے لکھی اور نہ لکھوائی ہیں۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ اہلسنت کی تمام کتابیں جھوٹ کا پلندہ ہیں اور اہلسنت کے کسی مذہب کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے مذہب کو نبی کریمؐ یا کسی صحابی کی طرف منسوب کر سکے۔

اگر تسلی نہیں ہوئی تو مزید سنیئے۔

آپ کے مذہب کی پہلی مایہ ناز کتاب موطأ ہے جسے آپ کے امام مالک نے تحریر کیا ہے۔ مالک ۹۳ھ میں پیدا ہوا تھا اور ۱۷۹ھ میں مر گیا تھا۔ پس یہ کتاب رسول کریمؐ کے تقریباً سو سال بعد لکھی گئی ہے جس وقت کہ تمام صحابی بھی مر گئے تھے پس یہ کتاب جھوٹ کا پلندہ ہے۔

آپ کی دوسری مایہ ناز کتاب صحیح بخاری ہے جسے محمد بن اسماعیل نے لکھا ہے اور یہ ۱۹۴ھ میں پیدا ہوا ہے اور ۲۵۶ھ میں وفات پائی ہے۔ لہٰذا یہ کتاب نبی کریمؐ کے تقریباً دو سو سال بعد لکھی گئی ہے۔ پس بخاری شریف بھی جھوٹ کا پلندہ ہے کیونکہ اس کے صحیح ہونے کی نہ ہی نبی کریمؐ نے اور نہ ہی کسی اور صحابی نے تصدیق کی ہے۔

آپ کی تیسری مایہ ناز کتاب صحیح مسلم ہے جسے مسلم بن حجاج نے تحریر کیا ہے یہ ۲۰۴ھ میں پیدا ہوئے ہیں اور ۲۶۸ھ میں وفات پائی ہے پس یہ کتاب بھی نبی کریمؐ کے تقریباً دو سو چالیس برس بعد لکھی گئی ہے پس یہ بھی جھوٹ کا پلندہ ہے۔

آپ کی چوتھی مایہ ناز کتاب سنن ابی داؤد ہے جسے سلیمان بن اشعث نے لکھا ہے۔ یہ ۲۰۲ھ میں پیدا ہوئے ہیں اور ۲۷۵ھ میں وفات پائی ہے پس یہ کتاب بھی نبی کریم سے تقریباً دو سو پچیس برس کے بعد لکھی گئی ہے لہٰذا یہ کتاب بھی جھوٹ کا پلندہ ہے۔

تونسوی صاحب! ہماری طرف سے آپ کو چیلنج ہے کہ آپ ثابت کریں کہ آپ کی کوئی کتاب خواہ حدیث کی ہو خواہ فقہ کی ہو نبی کریمؐ کے زمانے میں یا

خلفا کے زمانے میں تحریر کی گئی ہو۔ عبد الملک کے زمانے سے پہلے جو کہ ۷۳ھ میں خلیفہ بنا ہے۔ آپ ثابت نہیں کر سکتے کہ آپ کے مذہب کا کوئی ٹوٹا پھوٹا رسالہ بھی حدیث میں تحریر ہوا ہو بلکہ آپ کے مایۂ ناز خلیفے ابوبکر و عمر حدیث لکھنے کے سخت مخالف تھے۔ اور انہوں نے لکھی ہوئی حدیثوں کو اسی طرح جلایا ہے جیسے کہ آپ کے عثمان صاحب نے قرآن پاک جلایا ہے

تونسوی اور ملک صاحب نے اپنے رسالوں میں دل کی بھڑاس یوں بھی نکالی ہے کہ شیعہ مذہب کی کتب احادیث کے راوی جھوٹے ہیں لیس فقہ جعفریہ جھوٹ کا پلندہ ہے

جواب۔

مثل مشہور ہے کہ چھاج کو چھلنی کیا طعنہ دے گی جبکہ خود اس میں بے شمار چھید ہیں۔ ہم بھی یہی عرض کرتے ہیں کہ اہلسنت کی کتب احادیث کے راوی جھوٹے ہیں پس فقہ حنفیہ بھی جھوٹ کا پلندہ ہے۔ بلکہ راوی کی شان اور ہے اور خلیفے اور امام کی شان اور ہے۔ اور اہلسنت کے امام اور خلیفے بھی قابل اعتبار نہیں ہیں۔ نمونہ کے طور پر ہم بعض کا تذکرہ کرتے ہیں۔

۱۔ اہل سنت کا پہلا مایۂ ناز خلیفہ اور راوی ابوبکر ہے۔ بخاری شریف کتاب الخمس گواہ ہے کہ اس نے نبی کریم کی بیٹی کا حق غصب کر کے رسول اللہ کو اذیت دی ہے اور جس نے نبی کو اذیت دی ہے اس پہ قرآن پاک میں لعنت کا ذکر ملتا ہے۔ نیز ادب المفرد کتاب الدعا میں حضورؐ نے فرمایا۔ یا ابابکر الشرک فیکم اخفیٰ من دبیب النمل۔ کہ شرک تم میں چیونٹی کی چال سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے۔ نیز موطأ امام مالک کتاب الجہاد میں ہے کہ حضورؐ نے ابوبکر کے بارے میں فرمایا۔ ما ادری ما تحدثون بعدی کہ نامعلوم آپ میرے بعد کیا کیا بدعات کریں گے۔ نیز مسلم شریف کتاب الفئی میں ہے کہ حضرت عمر نے اقرار کیا ہے کہ جناب امیر اور جناب عباس ابن عبد المطلب ابوبکر کو کاذبا۔ اثما۔ خائنا۔ غادرا۔ جھوٹا۔ گنہگار۔ خیانت کار اور دغاباز جانتے تھے۔ فقہ حنفیہ کے مایۂ ناز راوی ابوبکر کے بھی وارے وارے جاؤں۔ کیا شان ہے راوی کی۔ اگر مذکورہ صفات والے بزرگ کی خلفاء کی لسٹ میں گنجائش نکل سکتی ہے تو حنفیوں کو ہمارا حضرت زرارہ کیوں چبھتا ہے۔

۲۔ اہلسنت کا دوسرا مایۂ ناز خلیفہ اور راوی عمر فاروق ہے۔ مسلم شریف باب ترک الوصیۃ میں ہے کہ عمر صاحب نے نبی پاک کے بارے میں کہا تھا کہ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ نبی پاک کو ہذیان ہو گیا ہے (یعنی وہ بک رہا ہے) یہ عمر صاحب قائل نولاللہ نبیؐ اور حدیبیہ میں نبوت پہ شک کرنے والا ہے۔ خیبر اور احد میں جہاد سے بھی بھاگنے والا ہے۔ اس خلافت کے بھی وارے وارے جاؤں جس میں مایۂ ناز خلیفہ عمر ہے اور اس فقہ کے بھی قربان جاؤں جس کی حدیثوں کا راوی عمر صاحب ہے۔

کتاب الملل والنحل جلد اول ذکر بارہ اختلاف میں لکھا ہے کہ حضورؐ پاک نے بوقت موت فرمایا تھا۔ لعن اللہ من تخلف عن جیش اسامہ، کہ جو لشکر اسامہ کے ساتھ نہ جائے اس پہ اللہ کی لعنت ہو۔ ابوبکر اور عمر بھی اس لشکر میں تھے اور ساتھ نہیں گئے تھے۔ بلکہ واپس آ گئے تھے۔

فقہ حنفیہ بلے بلے!! جن لوگوں پر نبی لعنت فرمائے وہ فقہ حنفیہ کے خلیفے بھی ہیں راوی اور امام بھی ہیں۔ چشم بد دور (ماشاللہ نظر نہ لگے)

انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ فقہ جعفریہ والے ایسے راویوں کو چھوڑ دیں جن پر امام نے لعنت فرمائی ہو اور فقہ حنفیہ والے ایسے خلیفوں کو چھوڑ دیں جن پر نبی نے لعنت فرمائی ہے۔ اور پھر حساب کر کے دیکھیں کہ گھاٹے میں کون ہے؟

۳۔ اہلسنت کے ایک اور مایۂ ناز خلیفہ اور راوی عثمان صاحب بھی ہیں بخاری شریف باب جمع القرآن میں لکھا ہے کہ اس نعثل نے قرآن جلائے تھے اور اسی خدمت دین کے صلے میں اصحاب نبیؐ نے اسے قتل کر دیا تھا اور بی بی عائشہ نے ہی اس کے قتل کا حکم دیا تھا۔

۴۔ اہلسنت کی حدیثوں کی ایک اور مایۂ ناز راویہ بی بی عائشہ بھی ہے۔ کتاب اضواء علی السنۃ المحمدیہ صہ ۲۰۴ میں لکھا ہے کہ ابوہریرہ نے بی بی عائشہ سے کہا تھا شغلك عنه المرأة والمكحلة کہ شیشے اور سرمے کی کارروائی نے نبی کی حدیثیں یاد کرنے سے آپ کو باز رکھا ہے۔

سبحان اللہ کیا شان بیان کی ہے ابوہریرہ نے بی بی عائشہ کی۔ معلوم ہوا کہ حنفیوں نے خذوا شطر دینکم عن هذه الحميرا کہ آدھا دین حمیرا سے لو۔ یہ ایک ڈھکوسلا بنایا ہے۔ کیونکہ بی بی عائشہ کو ہار سنگار اور میک اپ سے فرصت ہی کہاں ملتی تھی۔ حواب کے کتے بھی اسی بی بی کو ہی بھونکے تھے اور عثمان صاحب کے قتل کا فتوےٰ صادر فرما کر

انہیں بھی اسی نے ذبح کروایا ہے۔

۵۔ اہلسنت کی فقہ کا ایک اور مایۂ ناز راوی طلحہ بھی ہے۔ تفسیر فتح القدیر سورہ احزاب میں لکھا ہے کہ اسی طلحہ نے آرزو کی تھی کہ نبی مر گئے تو میں بی بی عائشہ سے نکاح کروں گا۔ ماں سے نکاح کرنے والا راوی فقہ نعمان کو مبارک ہو۔

۶۔ اہلسنت کی احادیث کا ایک راوی عبداللہ بن مسعود بھی ہے۔ تفسیر اتقان میں لکھا ہے کہ یہ قرآن پاک کی آخری دو سورتوں کا منکر تھا۔ پس قرآن پاک کا منکر راوی فقہ نعمان کو ہی مبارک رہے

۷۔ فقہ حنفیہ کا ایک اور مایۂ ناز راوی عبداللہ بن عباس بھی ہے۔ مروج الذہب ذکر عبداللہ بن زبیر میں لکھا ہے کہ ابن عباس متعہ کو جائز جانتا تھا اور حنفی لوگ متعہ کو زنا سمجھتے ہیں پس زنا کو جائز جاننے والا راوی فقہ نعمان کو مبارک ہو۔

۸۔ فقہ حنفیہ کا ایک اور مایۂ ناز راوی عبداللہ بن زبیر بھی ہے۔ الامامت والسیاست ذکر جمل میں لکھا ہے کہ حواب کے مقام پر جھوٹی گواہی اسی نے دلوائی تھی۔ پس یہ جھوٹ کا وپاری راوی سنی بھائیوں کو مبارک ہو۔

۹۔ اہلسنت کا ایک اور مایۂ ناز راوی ابوہریرہ بھی ہے۔ کتاب اضواء علی السنۃ المحمدیہ ذکر ابوہریرہ میں لکھا ہے کہ اسے ابوبکر و عمر و عثمان اور حضرت علی علیہ السلام جھوٹا سمجھتے تھے اور ایک مرتبہ حضرت عمر نے جھوٹی حدیثیں بیان کرنے کی بابت اس کی ٹھکائی بھی کی تھی۔ چار یاروں کی نظر میں کذاب راوی فقہ نعمان کو مبارک ہو۔

۱۰۔ اہلسنت کا ایک مایہ ناز راوی انس بن مالک بھی ہے۔

کتاب اضواء علی السنۃ المحمدیہ ذکر ابوہریرہ میں لکھا ہے کہ نعمان صاحب انس بن مالک کو جھوٹا سمجھتے تھے۔ حنفی بھائیو! مبارک مبارک۔

۱۱۔ اہلسنت کی فقہ کا ایک راوی عمرو بن عاص بھی ہے۔

تذکرہ خواص الامۃ میں لکھا ہے کہ اس کے پیدا ہونے کے بعد چار آدمیوں نے دعوےٰ کیا تھا کہ یہ ہمارا نطفہ ہے پس ایسا پاکیزہ نسب راوی فقہ نعمان کو ہی مبارک ہو۔

۱۲۔ اہلسنت کا ایک مایہ ناز راوی ابوموسیٰ اشعری بھی ہے۔

کتاب الاستیعاب ذکر ابوموسیٰ اشعری اور عبداللہ بن قیس بن سلیم میں ہے کہ یہ حضرت علیؑ سے بغض رکھتا تھا۔ پس دشمن علیؑ راوی فقہ نعمان کو مبارک ہو۔

۱۳۔ سنی بھائیوں کا ایک راوی عبداللہ بن عمر بھی ہے۔

بخاری شریف کتاب الفتن میں لکھا ہے کہ اسی عبداللہ نے یزید کی بیعت کی تھی۔ پس یزید ملعون کی بیعت کرنے والا راوی فقہ حنفیہ کو مبارک ہو۔

اگر ضرورت پڑی تو ہم طبقہ ثانی کے رواۃ مثلاً مجاہد۔ عکرمہ حسن بصری۔ عطا ابن رباح وغیرہ کے بھی پول کھولیں گے۔

ابوحنیفہ، نعمان، امام اعظم کی پوزیشن

مجدد الدین فیروزآبادی صاحب قاموس نے نعمان کو کافر لکھا ہے۔ اور نیز ابن جوزی نے اپنی کتاب المنتظم میں نعمان کی مذمت کی ہے۔ امام غزالی نے بھی ایک کتاب المنخول نامی نعمان کی مذمت میں تحریر کی ہے اور خطیب البغدادی نے تو تاریخ بغداد میں حد ہی کر دی ہے۔ ہم صرف تاریخ بغداد سے اہلسنت کی معتبر کتاب سے اہلسنت کے معتبر امام اعظم نعمان کی مذمت نقل کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔ اور اگر ہمارے حنفی بھائیوں کی تسلی نہ ہوئی تو پھر ایک مستقل کتاب نعمان پر لکھیں گے۔

بانیٔ فقہ حنفیہ امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت الکوفی کی شان کتب اہل سنت کی روشنی میں

دین اسلام کو سب سے زیادہ نقصان ابوحنیفہ نے پہنچایا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ بغداد جلد ۱۳ صفحہ ۳۹۶ ذکر نعمان مؤلف حافظ ابی بکر احمد بن علی الخطیب البغدادی۔

عن اسحاق بن ابراھیم الحنینی قال قال مالک

ما ولد فی الاسلام مولود اضرّ علی اھل الاسلام من ابی حنیفہ

ترجمہ۔ اسحٰق بن ابراہیم کہتا ہے کہ حضرت مالک فرماتے تھے کہ کوئی بچہ اسلام میں ایسا نہیں پیدا ہوا کہ جس نے ابو حنیفہ سے زیادہ اسلام کو نقصان پہنچایا ہو۔

نوٹ۔ مناظر اہلسنت عبدالستار تونسوی کو مبارک ہو۔ علامہ صاحب آپ کے عقیدہ میں سنیوں کے چاروں امام برحق ہیں۔ پس آپ کے امام مالک کی زبانی آپ کے امام اعظم کی مذمت بھی برحق ہے۔

ابو حنیفہ کا فتنہ ابلیس کے فتنہ سے سخت ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۱۹۶ ج ۱۳

عن مالک بن انس قال کانت فتنۃ ابی حنیفہ اضر علی ھذہ الامۃ من فتنۃ ابلیس

ترجمہ۔ مالک بن انس فرماتے ہیں کہ ابو حنیفہ کا فتنہ اس امت کے لئے ابلیس کے فتنہ سے زیادہ نقصان دہ تھا۔

نوٹ۔ اہل سنت کے مناظر اعظم!! ملاحظہ فرمایا آپ نے، کہ آپ کے امام صاحب کی آپ کے بزرگوں نے کیا تعریف کی ہے۔

ابو حنیفہ کا فتنہ دجال کے فتنہ سے بڑا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۱۹۶ ج ۱۳

عن عبدالرحمٰن بن مھدی یقول ما اعلم فی الاسلام فتنۃً بعد فتنۃ الدجّال اعظم من رأی ابی حنیفہ۔

ترجمہ۔ عبدالرحمان کہتا ہے کہ مجھے معلوم نہیں کہ اسلام میں دجال کے فتنہ کے بعد ابو حنیفہ کی رائے سے کوئی بڑا فتنہ ہو۔

نوٹ۔ تونسوی صاحب مبارک ہو۔ یہ ہیں آپ کے مایۂ ناز امام جن کی فقہ حنفیہ آپ بیچارے پاکستانی مسلمانوں پر ٹھونسنا چاہتے ہیں۔

ابو حنیفہ نے اسلامی مشین کے پیچ ڈھیلے کئے ہیں

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۳۹۸ ج ۱۳

اہل سنت کی کتاب تاریخ صغیر ص ۱۷۱

عن سفیان ثوری اذ جاءہ نعیُ ابی حنیفہ فقال الحمد للہ الذی اراح المسلمین منہ لقد کان ینقض عری الاسلام عروۃ عروۃ ما ولد فی الاسلام

هو لود اشأم علىٰ اهل الاسلام منه

ترجمہ۔ سفیان ثوری کو جب ابو حنیفہ کی موت کی خبر پہنچی تو اس نے شکر خدا کیا اور کہا کہ ابو حنیفہ اسلام کی رسی کے بیچ ڈھیلے کرتا تھا اور اسلام میں ابو حنیفہ سے زیادہ بدبخت کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا

نوٹ۔ تونسوی صاحب مبارک ہو ؎

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

نبی پاک نے ابو حنیفہ کے فتوؤں پر عمل کرنے سے منع کیا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہل سنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۴۰۳ ج ۱۳

"محمد بن حماد یقول رأیت النبیؐ فی المنام فقلت یا رسول اللہ ما تقول فی النظر فی کلام ابی حنیفة واصحابہٖ انظر فیہا واعمل علیہا قال لا۔ لا۔ لا

ترجمہ۔ محمد بن حماد کہتا ہے کہ میں نے خواب میں رسول اللہ کو دیکھا اور عرض کی کہ حضورؐ ابو حنیفہ کے مسئلوں پر کیا عمل کرنا جائز ہے۔ حضورؐ نے تین مرتبہ فرمایا۔ نہیں۔ نہیں۔ نہیں۔

ابو حنیفہ کی کتاب الحیل کی شان

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۴۵۳ ج ۱۴

ابن مبارک کہتا ہے کہ جو شخص ابو حنیفہ کی کتاب الحیل پڑھ لے تو حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر سکتا ہے۔

مولوی ابن مبارک کہتا ہے۔ ما ادری وضع کتاب الحیل الا شیطان کہ کتاب الحیل کسی شیطان نے بنائی ہے۔

ابن مبارک کہتا ہے کہ جس نے کتاب الحیل بنائی ہے وہ ابلیس سے زیادہ شریر ہے اور جو شخص کتاب الحیل کو پڑھے اس کی عورت کو طلاق ہو جائے گی۔

نوٹ۔ تونسوی صاحب دیکھا کہ آپ کے امام کی مایۂ ناز تصنیف کی آپ کے بزرگوں نے کیسی مٹی پلید کی ہے۔ کیا ایسے امام کی فقہ پر ناز کرتے ہو۔ وارے وارے جاواں۔

ابو حنیفہ کی بیٹھک میں نبیؐ پر درود نہیں پڑھا جاتا تھا

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۴۵۴ ج ۱۴

نوٹ ۔ مناظر اعظم تونسوی صاحب ! دیکھا اپنے مایۂ ناز امام کی تعریف غور سے پڑھنا انشاء اللہ چمن خاطر میں بہار آجائے گی ۔

ابوبکر کی گواہی کہ ابوحنیفہ نے دین محمدؐ کو بدل دیا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۱۳

محمد بن عامر الطائی بیان کرتا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ دمشق سے دو بوڑھے نکلے ہیں ۔ ایک نے دوسرے کے بارے میں کہا کہ تو نے دین محمدؐ کو بدل دیا ہے ۔ میں نے کسی سے پوچھا کہ یہ کون ہیں ۔ اس نے جواب دیا کہ یہ ابوبکر ہے اور دوسرا دین کو بدلنے والا ابوحنیفہ ہے ۔

نیز اسی صفحہ میں لکھا ہے ۔ کہ ابن ابی شیبہ کہتا ہے کہ ابوحنیفہ یہودی ہے ۔ نیز اسی صفحہ میں ہے ۔ علی بن جریر نے ابن مبارک کو بتایا کہ کوفہ میں ایسے لوگ رہتے ہیں جو ابوحنیفہ کو نبی سے زیادہ عالم جانتے ہیں ۔

نیز صفحہ ۴۱۴ میں لکھا ہے کہ امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ سفیان ثوری کہتا تھا کہ ابوحنیفہ نہ قابل اعتماد تھا اور نہ دیانت دار تھا ۔

نیز ص ۴۱۸ میں لکھا ہے کہ خود امام احمد بن حنبل فرماتے تھے کَانَ ابوحنیفہ یَکذِبُ کہ ابوحنیفہ جھوٹ بولتا تھا ۔

اور صفحہ ۴۲۰ پر لکھا ہے کہ عمرو بن علی ابو حفص کہتا ہے کہ ابوحنیفہ حافظ حدیث نہیں تھا ۔

ابن مبارک کہتا ہے وہ مجلس کہ جس میں نبیؐ پر کبھی درود نہیں پڑھا گیا وہ مجلس ابوحنیفہ کی تھی ۔

اور قیس ابن ربیع کہتا ہے کہ ابوحنیفہ اجہل الناس تھا ۔

حق ابوحنیفہ کے فتویٰ کی مخالفت میں ہے

ثبوت ملاحظہ ہو

اہل سنت کی کتاب تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۵۷

عمر بن قیس کہتا ہے جس نے حق ڈھونڈنا ہو وہ کوفہ میں آئے ۔ ابوحنیفہ کا فتویٰ معلوم کر کے اس کی مخالفت کرے

اور اسی کتاب کے ج ۱۳ ص ۴۰۹ میں لکھا ہے کہ ابوبکر بن عیاش کہتا ہے سود اللہ وجہ ابی حنیفہ کہ خدا ابوحنیفہ کے چہرے کو سیاہ کرے

نیز اسی صفحہ میں لکھا ہے کہ اسود بن سالم کہتا ہے کہ ابوحنیفہ کا نام لینا مسجد میں جرم ہے ۔

نیز ص ۴۱۰ پر لکھا ہے کہ سفیان ثوری کہتا ہے کہ ابوحنیفہ ضالّ اور مُضِل تھا ۔ یعنی وہ خود گمراہ تھا اور دوسروں کو گمراہ کرتا تھا ۔

نیز ہارون بن یزید کہتا ہے کہ ابوحنیفہ کے پیروکار نصاریٰ کے مشابہ ہیں ۔

نیز امام شافعی کہتا ہے میں نے ابوحنیفہ کے پیروکاروں کی ایک کتاب دیکھی جس میں ۱۳۰ ورق تھے ۔ اس میں سے ۸۰ قرآن و سنت کے خلاف تھے

اور صفحہ ۴۲۱ میں لکھا ہے کہ احمد بن شعیب نسائی کہتا ہے کہ ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کوفی حدیث میں معتبر نہیں ہے۔

نوٹ۔ مناظر اعظم تونسوی صاحب! شیعوں کو چھیڑنے سے پہلے اپنے مذہب کی کتاب تاریخ بغداد کی تیرھویں جلد میں اپنے امام اعظم کی شان ملاحظہ کر لیتے تو آپ کے لئے بہتر تھا۔

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریادیوں کرتے
نہ کھلتے راز سربستہ نہ یوں رسوائیاں ہوتیں

ابوحنیفہ کے جنازہ پر عیسائیوں کے پادری

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ بغداد صد ۴۲۳

بشیر ابن ابی اظہر نیشاپوری کہتا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک جنازہ رکھا ہے اور اس پر سیاہ چادر ہے اور اس کے ارد گرد عیسائیوں کے پادری تشریف فرما ہیں میں نے پوچھا کہ یہ جنازہ کس کا ہے۔ بتایا گیا کہ ابوحنیفہ کی میت ہے۔ میں نے یہ خواب ابو یوسف کو سنایا۔ اس نے کہا بھتیا برائے مہربانی کسی اور کو نہ سنانا۔

ابوحنیفہ کا دعویٰ کہ اگر نبی کریم زندہ ہوتے تو میری پیروی کرتے

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد صد ۳۹۰ ج - ۱۳

قال ابوحنیفہ لو ادرکنی النبی وادرکتہ لاخذ بکثیر من قولی

ترجمہ۔ ابوحنیفہ کہتا تھا کہ اگر میں اور نبی کریمؐ ایک زمانے میں جمع ہوتے تو بہت سے مسئلوں میں حضورؐ میرے فتوے کو لیتے۔

نوٹ۔ مناظر اعظم تونسوی صاحب! دیکھا آپ نے کہ آپ کے امام نے وہ دعویٰ کیا ہے جو مرزائیوں کے نبی میرزا غلام احمد قادیانی نے بھی نہیں کیا تھا۔ گویا ابوحنیفہ مرزا صاحب سے بھی چار قدم آگے بڑھ گئے ہیں۔

ابوحنیفہ کے نزدیک مومن کی شان

ثبوت ملاحظہ ہو۔

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد صد ۳۷۴ ج - ۱۳

سفیان ثوری اور شریک اور حسن بن صالح اور ابن ابی لیلےٰ نے مل کر کسی آدمی کو اس مسئلہ کی خاطر ابوحنیفہ کے پاس بھیجا کہ

ما تقول فی رجلٍ قتل اباہ ونکح امّہ وشرب الخمر فی راس ابیہ فقال مومنٌ۔

کہ اس مرد کے بارے میں تیرا کیا فتویٰ ہے جو اپنے باپ کو قتل کرے اور اپنی ماں سے نکاح کرے۔ اور اپنے باپ کی کھوپڑی میں شراب پیئے۔ ابوحنیفہ نے کہا میرے نزدیک وہ مومن ہے

نوٹ۔ تونسوی صاحب! آپ نے حقیقت فقہ جعفریہ پر رسالہ لکھ کر اپنے حنفی بھائیوں کی رسوائی کا سامان مہیا کیا ہے۔ آپ اس امام کی فقہ کے پیروکار

ہیں جس کے نزدیک ماں سے زنا کرنے والا بھی مومن ہے۔ فقہ حنفیہ بلّے بلّے
جس میں باپ کا قاتل بھی مومن اور اس کے سر کی کھوپڑی میں شراب پینے والا بھی
مومن ہے۔ ایسی رذیل فقہ سے ہماری توبہزار توبہ!

ابو حنیفہ کے نزدیک جوتے کی پوجا

ثبوت ملاحظہ ہو

اہل سنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۳۷۲ ج ۱۳

یحیٰ ابن حمزہ کہتا ہے کہ میں نے ابو حنیفہ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ اگر
کوئی مرد خدا کی خاطر کسی جوتے کو پوجے تو کوئی گناہ نہیں ہے۔

نوٹ۔ مناظر اعظم تونسوی صاحب! ایسے امام کی فقہ آپ کو مبارک!

ابو حنیفہ نعمان بن ثابت امام اعظم کا ابوبکر کے ایمان کے بارے میں فتویٰ

ثبوت ملاحظہ ہو

اہلسنت کی کتاب تاریخ بغداد ص ۳۷۳ ج ۱۳

ابا اسحاق الفزاری یقول سمعت ابا حنیفہ یقول
ایمان ابوبکر الصدیق وایمان ابلیس واحد

ترجمہ ابا اسحاق کہتا ہے میں نے ابو حنیفہ سے سنا تھا کہ وہ کہتا

تھا کہ ابو بکر صدیق کا ایمان اور ابلیس کا ایمان ایک ہے۔

نوٹ۔ اہل سنت کے مناظر اعظم تونسوی صاحب! آپ نے فقہ جعفریہ کی
مذمت میں رسالہ لکھ کر تمام اہلسنت کو شرمندہ کرنے کا سامان مہیا کیا ہے۔ آپ
نے حقیقت فقہ جعفریہ کی مذمت میں رسالہ لکھ کر غریب شیعوں کی غیرت کو للکارا
ہے۔ شیعہ بے غیرت نہ تھے کہ چپ بیٹھے رہتے۔ پس ہم نے دفاعی کاروائی کی خاطر
قلم اٹھایا ہے اور آپ کی فقہ اور آپ کے اماموں کے کچھ پول کھول دیئے ہیں اور
آئندہ کے لئے انتظار کریں۔

علامہ صاحب دراصل آپ کو جو درد زہ شروع ہوا ہے وہ مرتے دم تک آپ کے
ساتھ رہے گا اور آپ کی کھجلی کے لئے کسی افلج کی ضرورت ہے۔ آپ نے خواہ مخواہ
ملک میں فتنہ و فساد برپا کیا ہے ورنہ شیعہ سنی علماء نے باہم یہ طے کیا تھا کہ یہ
دونوں مذہب اپنی اپنی فقہ پر عمل کرنے میں آزاد ہوں گے لیکن اپ جیسے شرپسند
عناصر نے دونوں مذہبوں کو آپس میں لڑانا خدمت دین اسلام سمجھ رکھا ہے۔ افسوس
ہے تمہاری ناکام کوششوں پر۔

آپ نے اپنے رسالہ میں شیعہ راویوں پر تنقید کر کے یہ سوچا کہ بس ہم نے
شیعوں کو تحقیق کی چکی میں پیس ڈالا ہے لیکن ہم نے آپ کے مایۂ ناز امام اعظم
نعمان بن ثابت کوفی کے وہ پول کھول دیئے ہیں کہ اگر آپ میں کچھ بھی شرم و حیا ہو تو
ڈوب کر مر جائیں۔ اگر ہمت ہے تو آئیے میدان تحریر میں اور ابو حنیفہ کی
صفائی پیش کریں۔ لیکن آپ کیا صفائی پیش کریں گے۔

تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

امام اعظم کا چالیس سالہ وضو

اہلسنت کی کتاب البدایہ والنھایہ جلد ۱۰ صفحہ ۱۰۷ میں لکھا ہے۔

ابو حنیفہ مکث اربعین سنۃ یصلی الصبح بوضوء العشاء

کہ امام اعظم چالیس برس تک صبح کی نماز عشاء کے وضو سے پڑھتے رہے تھے۔

کیا بات ہے واللہ

اس چالیس سال کے عرصہ میں امام صاحب کی اولاد کیسے پیدا ہوئی۔ یا اس عرصہ میں جو اولاد ہوئی ہے وہ دوپہر کے وقت کی کاشت کاری اور تخم ریزی ہے۔ یہ واقعہ تاریخ خمیس صفحہ ۳۲۷ ج ۲ میں بھی لکھا ہے۔

نیز تاریخ خمیس صفحہ ۳۲۷ ج ۲ میں یہ بھی لکھا ہے کہ ابو حنیفہ نے خواب میں کئی مرتبہ رسول اللہ کی قبر کو کھودنے کی ناکام کوشش کی ہے اور نعمان کے چچوں نے اس کی یہ تعبیر فرمائی کہ آپ دولت علم سے مالامال ہوں گے۔ کیا گندہ خواب اور کتنی گندی تعبیر ہے۔

ابو بصیر کی صفائی

تک اور تونسوی نے رجال کشی سے نقل کیا ہے کہ ابو بصیر نے امام کی شان میں ایک جسارت کی تو ایک کتا آیا اور اس کے منہ میں پیشاب کر گیا۔

جواب۔

بالکل درست ہے۔ اگر کوئی امام کی شان میں گستاخی کرے تو اس کے منہ میں کتے کو پیشاب کرنا چاہیے اور جو شخص نبی کریمؐ کی عقل اور دماغ کی شان میں گستاخی کرے اس کے منہ میں خنزیر کو پیشاب کرنا چاہیئے۔

جناب عثمان نے قرآن جلائے تھے۔ بخاری شریف باب جمع القرآن ملاحظہ ہو۔

پس اسی بے ادبی کی وجہ سے عثمان صاحب جب اصحاب نبی کے ہاتھوں قتل ہوئے تو تاریخ اعثم کوفی ذکر وفات عثمان میں لکھا ہے کہ کتے اس کی ٹانگ لے گئے۔ ٹانگوں کا جرم یہی تھا کہ میدان جنگ میں رسولؐ کو چھوڑ کر بھاگ جاتی تھیں۔ اور جن کتوں نے ٹانگ اٹھائی تھی انہوں نے عثمان صاحب کی اور بھی بہت کچھ خاطر کی تھی جس کے بیان سے آدمی کو شرم آتی ہے۔

نیز الامامۃ والسیاسۃ میں یہ لکھا ہے کہ بی بی عائشہ جب مقام حوأب پر پہنچی تھیں تو چونکہ امام حقؑ سے لڑنے کے لئے جا رہی تھی۔ پس حوأب کے کتوں نے اس کے اونٹ کو گھیر لیا۔ ساتھیوں کی وجہ سے بچ بچاؤ ہو گیا ورنہ خیر نہیں تھی۔

نیز بخاری شریف جلد ۲ صفحہ ۵۲ کتاب الصلوٰۃ میں لکھا ہے کہ ایک سنی صحابی نے رسول کے زمانہ میں صبح کی نماز نہیں پڑھی تھی۔ حضورؐ نے فرمایا اس کے کان میں شیطان پیشاب کر گیا ہے۔

اور آج بھی امان اللہ تک جیسے اہل بی جو صبح کی نماز نہیں پڑھتے ان کے کان میں بھی شیطان پیشاب کرتا ہے۔

نیز بخاری صفحہ ۱۲۱ ج ۱ کتاب الوضو میں امام زہری کا قول لکھا ہے کہ

کتے کے جوٹھے پانی سے وضو کرنا جائز ہے۔ نیز یہ بھی لکھا ہے کہ نبی کریم کے زمانے میں حضورؐ کی مسجد میں کتے پیشاب کرتے تھے اور حضور اس کو پاک نہیں کرواتے تھے۔

پس اہلسنت کے مذہب میں تو کتے کا پیشاب بھی پاک ہوگیا۔ مولوی عبدالستار تونسوی کو چاہیئے کہ انہی کتوں کے پیشاب سے وضو کریں۔ تونسوی اور ملک نے جس واقعہ کو نقل کیا ہے وہ ابوبصیر المکفوف ہے اور شعیب عقرقوفی اس سے روایت کرتا ہے اور یہ ابوبصیر شیعوں کے نزدیک قابلِ اعتماد نہیں ہے اور جو معتبر ہے وہ ابوبصیر لیث بن بختری ہے۔

زرارہ کی صفائی

اما السفینۃ فکانت لمساکین یعملون فی البحر فاردت ان اعیبھا وکان ورآءھم ملک یاخذ کل سفینۃ غصباً

ترجمہ (جناب خضرؑ نے فرمایا) کہ کشتی غریب لوگوں کی تھی جو دریا میں کام کرتے تھے میں نے اس کو اس لئے عیب دار کیا کہ جو کشتی صحیح حالت میں ہوتی تھی ایک بادشاہ اس کو چھین لیتا تھا۔

نوٹ۔ معلوم ہوا کسی شے کی حفاظت کی خاطر اس کو عیب دار کیا جا سکتا ہے جیسا کہ خضر نبیؑ نے ان غریبوں کی کشتی کو عیب دار کر دیا تھا تاکہ وہ ظالم بادشاہ نہ چھینے۔ اسی طرح زرارہ آلِ نبیؐ سے بہت عقیدت رکھتا تھا اور حکامِ وقت کی نگاہوں میں کھٹکتا تھا اور زرارہ کو سخت خطرہ تھا

کہ کہیں ظالم بادشاہ اس کو قتل نہ کردے۔ پس امام نے زرارہ کی مذمت فرمائی اور اس کی شخصیت کو دوسروں کی نگاہوں میں عیب دار کر دیا۔

نیز سورۃ یوسف میں ہے جناب یوسفؑ نے اپنے بھائی کی حفاظت کی خاطر اس پر چوری کا الزام لگا دیا تاکہ اس جرم کے الزام کے سبب اسے مصر میں رہنا پڑے۔

نیز بخاری شریف کتاب بدء الخلق ص۱۴۱ ج۔۴ میں لکھا ہے کہ ابراہیم نبی نے تین باتیں خلاف واقعہ فرمائی ہیں۔ اور ان میں سے ایک یہ ہے کہ اپنی بیوی کو بہن کہا تھا اور غرض یہ تھی کہ بیوی کی عزت اس ظالم بادشاہ سے محفوظ رہ جائے۔

معلوم ہوا کہ حفاظت جان و ناموس کی خاطر خلاف واقعہ بیان دیا جا سکتا ہے پس زرارہ کی حفاظت جان کی خاطر امام نے خلاف واقعہ بیان دیا۔ اور اگر تونسوی و ملک صاحب کا مقصد یہ ہے کہ خواہ مخواہ شیعوں کو تنگ کیا جائے تو ہم یوں عرض کریں گے کہ کتاب الملل والنحل ص۱۷ ج۱ ذکر بارہ اختلاف میں ہے کہ حضورؐ نے ابوبکر و عمر کو حکم دیا تھا کہ وہ لشکر اسامہ کے ساتھ جائیں اور یہ بھی فرمایا کہ لعن اللہ من تخلف عن جیش اسامہ کہ خدا اس پر لعنت بھیجے جو لشکر اسامہ میں نہ جائے۔ اور ابوبکر و عمر لشکر اسامہ کو چھوڑ کر واپس مدینے میں آگئے تھے۔

تونسوی اور ملک صاحب کی خدمت میں گذارش ہے کہ ہم ایسے راوی کو چھوڑ دیتے ہیں جس پر امام نے لعنت فرمائی ہے اور آپ ایسے خلیفوں کو چھوڑ دیں جن پر

نبی کریمؐ نے لعنت فرمائی ہے۔

نورہ والی روایت کی صفائی

ملک صاحب نے فروع کافی سے ایک روایت نقل کی ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے حمام میں نورہ لگایا اور چادر اتاری۔

ہم عرض کرتے ہیں کہ حمام میں نورہ لگانے کی الگ جگہ ہوتی ہے جس میں آدمی کھڑا ہو تو اس میں صرف سر نظر آتا ہے پس اگر امام نے وہاں چادر اتاری ہے تو کیا حرج ہے۔ لیکن اہلسنت کی کتاب بخاری شریف کتاب الوضو صفحہ ۲ ج ۱ میں لکھا ہے کہ جناب موسیٰؑ کو ان کی قوم نامرد سمجھتی تھی۔ ایک دن حضرت موسیٰ ایک پتھر پر کپڑے رکھ کر ننگا نہانے لگے اور وہ پتھر کپڑے لے کر بھاگ گیا حضرت موسیٰ اس پتھر کے پیچھے بھاگے اور ننگے دھڑنگے۔ قوم کی محفل میں پہنچ گئے۔ قوم نے دیکھا کہ موسیٰ نامرد تو نہیں ہے۔ پھر موسےٰ نے کپڑے پہنے اور ڈنڈا لیکر اس پتھر کو مارنا شروع کر دیا۔ بخاری شریف بلے بلے

نبی اللہ کو شرم نہ آئی کہ ننگا دھڑنگا بھاگتا ہوا قوم کی محفل میں آ گیا۔ حمام میں بیٹھ کر نورہ لگانا اور بات ہے اور ننگا دھڑنگا دوڑتے ہوئے قوم میں آنا اور بات ہے۔ سنی بھائیوں کی مرضی — اگر قبول کرنے پر آئیں تو نبی کا ننگا دھڑنگا قوم میں دوڑنا قبول کر لیتے ہیں اور نہ قبول کرنا ہو تو نورہ والی روایت پر اعتراض کر دیں۔

نیز بخاری شریف صفحہ ۲۲ ج ۱ کتاب الوضو میں لکھا ہے کہ ایوب نبی بھی ایک دن ننگے ہو کر غسل کر رہے تھے اور ان کے کپڑوں میں سونے کی ایک ٹکڑی گری تو انہوں نے اسے تلاش کرنا شروع کر دیا۔ آواز قدرت آئی کہ ایوب کیوں لالچی ہو گیا ہے۔

نیز اہلسنت کی کتاب مروج الذہب ذکر معاویہ میں لکھا ہے کہ اہلسنت کے مایہ ناز بزرگ عمرو ابن عاص کو جنگ صفین میں جب حضرت علیؑ نے قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا تو عمرو جان بچانے کی خاطر منہ کے بل زمین پر لیٹ گیا اور مقام شرم کو ننگا کر دیا۔ جناب امیرؑ کو شرم آئی اور واپس لوٹ آئے۔

یہ عمرو بے شرم بھی فقہ حنفیہ کا مایہ ناز راوی ہے۔

نکاح متعہ

پہلی انگیٹھی کس نے جلائی

مولوی الہ یار کے شاگرد امان اللہ ایل ایل بی نے اپنے رسالہ نفاذِ شریعت میں شیعوں کو نکاح متعہ کے بارے میں بہت مطعون کیا ہے — ہم عرض کرتے ہیں کہ اہلِ سنت کی کتاب مروج الذہب صفحہ ۹۰ ج ۲ ذکر عبداللہ بن زبیر میں لکھا ہے کہ جناب عبداللہ بن عباس نے عبداللہ بن زبیر کو کہا تھا کہ نکاح متعہ تجھے کیوں چبھتا ہے۔ سَلْ اُمَّكَ تخبرك فانَّ اوّل شُعْلٍ سَطَحَ مجمرها بَيْنَ اُمّكَ وَاَبِيكَ کہ اے ابو بکر کے نواسے مسئلہ متعہ تو اپنی ماں سے پوچھ۔ پہلی انگیٹھی نکاح متعہ سے تیری ماں اسماء اور باپ زبیر میں گرم ہوئی تھی۔

جب نکاح متعہ خلیفہ ابوبکر کی بیٹی نے خود کیا ہے تو اہلسنت کو یہ مسئلہ چھیڑنے سے شرم کرنی چاہیئے۔ شاید یہ مسئلہ چھیڑ کر اپنی خلیفہ زادی کی داستانِ انگیٹھی چھپانا چاہتے ہیں۔

ملک صاحب نے نکاح کی بابت جتنے الزام ذکر کئے ہیں وہ لقمے ہمارے چبائے ہوئے ہیں اور کئی دفعہ ہم ان اعتراضات کی دھجیاں اڑا چکے ہیں۔

فیض احمد اویسی۔ عبدالستار تونسوی اور امان اللہ ملک ایل ایل بی نے فقہ جعفریہ کا اپنی نادانی کے باعث مذاق اڑایا ہے۔ مثل مشہور ہے کہ بغل میں چھری اور نام غریب داس۔ یہ لوگ اپنے گمان میں پاکستانی مسلمانوں کے ہمدرد ہیں۔ واذا قیل لھم لا تفسدوا فی الارض قالوا انما نحن مصلحون (اور جب ان سے کہا جائے کہ تم زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں ہم تو اصلاح کرتے ہیں) لیکن حقیقت میں یہی لوگ شر پسند ہیں اور انہیں کی شان میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے الا انھم ھم المفسدون ولکن لا یشعرون کہ آگاہ رہو یہ لوگ فساد کرنے والے ہیں لیکن ان کو عقل نہیں ہے۔

چودہ سو برس کی تاریخ گواہ ہے کہ شیعہ فقہ نعمان کو تسلیم کرنے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہوئے۔ پس ان تینوں کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ فقہ جعفریہ کی مذمت میں ان لوگوں نے بہتان تراشیاں کیں۔ انہوں نے فقہ جعفریہ کی مذمت میں رسالے لکھ کر شیعوں کی مذہبی غیرت کو للکارا ہے۔ شیعہ بے غیرت نہیں تھے کہ چپ بیٹھے رہتے دفاع کا حق ہر انسان کو ہے اور ہم بھی ایک قوم ہیں

اور اللہ کے فضل و کرم سے زندہ ہیں۔ ہم نے ایک تو جائز مطالبہ کیا تھا۔ لیکن بجائے ہمارا مطالبہ پورا کرنے کے ہمارے جذبات کو ٹھیس لگائی گئی اور ہماری فقہ کا تمسخر اڑایا گیا۔ پس ہم نے بھی دفاع کی خاطر صرف ۲۰۰ نمونے فقہ حنفیہ سے ایسے پیش کئے ہیں جو فقہ نعمان کی دھجیاں اڑانے کے لئے کافی ہیں اور اگر حنفی اپنی حرکات سے باز نہ آئے تو ہم انشاء اللہ فقہ نعمان کا مکمل طور پر پوسٹ مارٹم کریں گے۔

ہم نے فقہ حنفیہ کی مذمت میں جتنے حوالہ جات پیش کئے ہیں وہ اہلسنت کی معتبر اور مایہ ناز کتابوں سے پیش کئے ہیں۔

سنی فقہ میں شان خدا تعالیٰ

۱۔ سنی فقہ میں ہے کہ خدا کرسی پر بیٹھتا ہے و انّ لہ اطیطا کا طیط الرحل الجدید اور وہ کرسی یوں چڑچڑاتی ہے جیسے نیا پالان۔

تاریخ بغداد ص ۵۲ ج ۸ ذکر الحسین بن شبیب

نوٹ۔ معلوم ہوا کہ سنیوں کا خدا حلوے کھا کھا کر ان ملانوں کی طرح بڑا موٹا تازہ ہے جس کی وجہ سے کرسی بڑی مشکل سے اس کا بوجھ اٹھاتی ہے۔

۲۔ سنی فقہ میں ہے کہ قیامت کے دن خدا دوزخ میں اپنی ٹانگ ڈالے گا اور جہنم بھر جائے گا۔ بخاری شریف کتاب التوحید ص ۱۱۰۷ ج ۲

نوٹ۔ فقہ نعمان بلّے بلّے۔ خدا کی اپنی تو کوئی ٹانگ نہیں ہے البتہ وہ مجرم جس کی ایک ٹانگ کتے مدینے میں لے گئے تھے جب تک اس ٹانگ کو خدا

جہنم میں نہ ڈالے گا جہنم کہتا رہے گا ہل من مزید

۳۔ سنی فقہ میں ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نے (یکشف عن ساقیہ) اپنی پنڈلی برہنہ کرے گا اور سب مومن سجدے میں جھک جائیں گے۔

بخاری شریف تفسیر سورۃ نون والقلم ص ۱۵۹/۲۲

نوٹ۔ اللہ کی اپنی تو کوئی پنڈلی نہیں ہے یہ پنڈلی غالباً اسی مدینے والے مجرم کی ہے جب اللہ مومنوں کو دکھا کر اسے دوزخ میں ڈالے گا تو مومن خوش ہوں گے اور اللہ کے حضور میں سجدہ کریں گے۔

۴۔ سنی فقہ میں ہے کہ خیرہ وشرہ من اللہ تعالےٰ کہ نیکی بدی اللہ کی طرف سے ہے۔ شرح فقہ اکبر ص ۱۳

نیز سنی فقہ میں ہے کہ کفر اور نافرمانی یہ فعل خود اللہ بندوں میں پیدا کرتا ہے۔ عقائد نسفی ص ۵۵

نوٹ۔ فقہ نعمان تیرے قربان۔ اگر برائی اور کفر بندے سے اللہ خود کراتا ہے اور پھر اس برائی اور کفر پر قیامت کے دن سزا بھی دے گا۔ تو یہ ظلم ہے لہذا پھر خدا نہ ہوا وہ تو چنگیز خاں ہو گیا۔

۵۔ سنی فقہ میں ہے کہ امام اعظم نعمان نے خواب میں سو مرتبہ خدا کو دیکھا تھا
الدر المختار ص ۱/۲ دیباچہ

نوٹ۔ یہ خواب نعمانی خواب شیطانی ہے۔ موسیٰ نبی اور ہمارے رسول نے تو خدا کو دیکھا نہیں اور نعمان صاحب پیغمبروں سے بھی آگے بڑھ گئے اور خدا کی زیارت کر لی۔

۶۔ سنی فقہ میں ہے کہ خدا کی آنکھیں دکھنے کو آئیں تو فرشتوں نے بیمار پرسی کی اور اللہ تعالیٰ طوفان نوح پر اتنا رویا کہ آشوب چشم ہو گیا۔

منقول از کلید مناظرہ ص ۲۹۶ بحوالہ الملل والنحل شہرستانی۔

نوٹ۔ بلے بلے فقہ نعمان، جس نے ایسا خدا پیش کیا کہ جس کی آنکھیں بھی ہیں اور دکھتی بھی ہیں اس کو پنسلین کی ٹیوب کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ کیا خرافات ہیں کاش یہ بھی بتلا دیا ہوتا کہ کس ہسپتال میں زیر علاج رہا۔

۷۔ سنی فقہ میں ہے کہ داؤد جوارجی کہتا تھا کہ خدا کی داڑھی اور شرمگاہ کے بارے میں مجھ سے نہ پوچھو اور جو چاہو سو پوچھ لو۔ جسم۔ گوشت۔ خون اعضاء اور بال گھنگھریالے اور کالے رکھتا ہے۔

منقول از کلید مناظرہ ص ۲۹۵ بحوالہ الملل والنحل شہرستانی

نوٹ۔ سنیوں کا خدا ایک تو داڑھی نہیں رکھتا یعنی کھودا ہے اور دوسرے عورت و مرد والی شرمگاہ میں سے کوئی بھی نہیں رکھتا یعنی خسرا ہے۔ باقی سب ٹھیک ہے۔ ایسا خدا سنی بھائیوں کو مبارک رہے۔

سنی فقہ میں نبوت کی شان

۱۔ سنی فقہ میں ہے ان بعض الناس ذھب الی انہ کان کافرا۔ قال السدی کان علی دین قومہ اربعین سنۃ کہ بعض سنیوں کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ نبی پاک ابتدا میں (معاذاللہ) کفر پر تھے۔

اور سنی مولانا سدی کبیر جس کی شاہ عبدالعزیز نے اپنے تحفہ کید ۱۹

میں اس کے اہلسنت ہونے کی تصدیق کی ہے۔ یہی سُدّی کہتا ہے
کہ حضورؐ چالیس برس تک اپنی کافر قوم کے باطل دین پر تھے۔

تفسیر کبیر ص۲۲۴ پ۳۰ آیت "وجدک ضالا"

نوٹ۔ فقہ نعمان تیرا لکھ نہ رہے۔ مذکورہ عقیدہ بالکل غلط ہے کیونکہ حضورؐ
نے تو فرمایا ہے کنت نبیا و آدم بین الماء والطین کہ میں اس وقت
بھی نبی تھا جب آدم پانی اور مٹی میں تھے۔

۹۔ سنّی فقہ میں ہے کہ والدا رسول اللہ ماتا علی الکفر (نعمان صاحب
کا فتویٰ ہے کہ) رسول اللہ کے ماں باپ کفر پر مرے ہیں۔

شرح فقہ اکبر ص۱۲۸ مطبع سعیدی کراچی

——— نیز۔ معارج النبوۃ۔ ذکر معراج میں ہے کہ حضورؐ نے شب
معراج اپنے ماں باپ کو دوزخ میں دیکھا اور پوچھا کہ آپ کون ہیں تو انہوں
نے جواب دیا من مادرِ توام آمنہ و ایں پدرِ تو عبداللہ۔ کہ میں تیری ماں
آمنہ ہوں اور یہ تیرا باپ عبداللہ ہے۔

نوٹ۔ حضرت نعمان تیری فقہ پہ قربان۔ کیا شان رسالت بیان کی ہے اور قرآن
کی مخالفت کی ہے اللہ فرماتا ہے "وتقلبک فی الساجدین" کہ اے حبیب تیرا
نور سجدہ کرنے والے خدا پرستوں کی پشتوں سے منتقل ہوتا ہوا آیا۔ یہاں
بھی غالباً اپنے لاڈلے اصحاب کے والدین کی دل پذیرائی مقصود تھی۔

۱۰۔ سنی فقہ میں ہے "اہلسنت صغائر را سہواً تجویز می کنند" کہ اہلسنت نبی کے
کے لئے چھوٹے چھوٹے گناہ بھول کر کرنا جائز سمجھتے ہیں۔

تحفہ اثنا عشریہ کید ۲۱ ص۳۱

نوٹ۔ جو بھول کر چھوٹا گناہ کر سکتا ہے وہ بھول کر بڑا گناہ بھی کر سکتا ہے
گویا فقہ نعمان میں نبیوں کے لئے گناہ کرنا جائز ہے البتہ اتنی گنجائش رکھی ہے
کہ نبی بھول کر غیر عورت سے زنا نہیں کرے گا لیکن بوسہ لے سکتا ہے۔ پس جو
بھول کر بھی بیگانہ عورت کو چوم لے وہ نبی نہیں ہو سکتا۔

۱۱۔ سنّی فقہ میں ہے کہ نبی کریم بیگانی عورت کو چھیڑ چھاڑ کر سکتا ہے۔ کیونکہ
حضورؐ نے جونیہ نامی عورت سے دست درازی کی اور فرمایا هبی نفسک
لی کہ تو مجھے کو تن بخشی کر اس نے جواب میں کہا هل تہب الملکۃ
نفسھا للسوقۃ کہ کیا کوئی ملکہ اور شہزادی بھی کسی بازاری مرد
کو تن بخشی کرتی ہے۔

(نعوذ باللہ) بخاری شریف کتاب الطلاق ص۲۱

نوٹ۔ فقہ حنفیہ بلّے بلّے۔ جس میں نبی کی شان کا کچھ لحاظ نہیں کیا پیغمبر ایک
بازاری تھا اور بغیر نکاح کے بیگانہ عورتوں سے چھیڑ چھاڑ کرتا تھا۔ شرم! شرم!
شرم! فقہ نعمان نے تمام مسلمانوں کی شرم سے گردنیں جھکا دی ہیں۔
لاحول ولاقوۃ الا باللہ

۱۲۔ سنی فقہ میں ہے کہ نبی کریم کا نسب (معاذ اللہ) درست نہیں تھا۔ کیونکہ
"کنانہ بن خزیمہ وکان خلف علی امرأۃ ابیہ بعدہ"
کنانہ بن خزیمہ نے اپنے باپ کے بعد اپنی ماں سے شادی کی اور
اس سے نضر بن کنانہ پیدا ہوا۔ کتاب المعارف لابن قتیبہ دینوری ذکر
انساب العرب ص۳۰

نوٹ۔ فقہ نعمان کے متوالو ڈوب کر مرجاؤ۔ نضر بن کنانہ رسول اللہ کا دادا ہے۔ اور اگر اس کی ولادت صحیح نہیں تو (معاذ اللہ) حضور پاک کا نسب پاک نہ رہا اور یہ واقعہ تمہارے ابن قتیبہ نے لکھا ہے جس کے بارے میں شاہ عبدالعزیز نے اپنے تحفہ کے صفحہ ۱۹ میں یہ تسلیم کیا ہے کہ عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ اہلسنت سے ہے۔ یہ عقیدہ کفر سے بھی بدتر ہے کیونکہ حضورؐ نے فرمایا ہے کہ میرا تمام نسب نامہ آدم سے عبداللہ تک بدکاری سے پاکیزہ ہے۔ یہ نعمانیوں کی چالاکی ہے کہ عمر صاحب کے نسب کی برائی چھپانے کی خاطر نبی کریم کے نسب پہ نازیبا حملے کئے۔

۱۳۔ سنی فقہ میں ہے کہ ایک روز نبی کریم قریش کے ساتھ کعبے کے لئے پتھر اٹھا اٹھا کر لا رہے تھے اور اپنے چچا عباس کے مشورے سے دھوتی کھول کر دوش پر رکھ لی اور اوپر پتھر اٹھایا پس گر پڑے اور بے ہوش ہو گئے فما رؤی بعد ذلک عریاناً اور اس کے بعد پھر کبھی ننگے نہ ہوئے

بخاری شریف کتاب الصلوٰۃ صفحہ ۲۸

نوٹ۔ بخاری شریف تیرے خرافات کے وارے وارے جاؤں۔ کیا خود نبی کریم کو عقل نہیں تھی کہ میں دھوتی کھول کر دوش پر رکھ رہا ہوں اور ننگا ہو جاؤں گا۔ یہ فعل پیغمبر کے لئے ہرگز زیبا نہیں کہ وہ برہنہ ہو کر پتھر اٹھائے اور اس کے ارد گرد لوگ بھی دیکھنے والے ہوں۔ پھر بھی اہلسنت بھائیوں کی مہربانی کہ بعد میں تو رسول کی لاج رکھ لی اور لکھا کہ رسول پھر کبھی ننگے نہ ہوئے۔

۱۴۔ سنی فقہ میں ہے کہ بنو اسرائیل برہنہ ہو کر غسل کرتے تھے اور ایک

دوسرے کو دیکھتے تھے اور حضرت موسیٰ تنہائی میں الگ غسل کرتے تھے قوم نے سوچا کہ موسیٰ ہم سے الگ ہو کر اس لئے غسل کرتا ہے کہ اس کے خصیتین بڑھ گئے ہیں۔ پس ایک دن موسیٰ نے نہانے کی خاطر کپڑے اتار کر پتھر پر رکھے ففر الحجر بثوبہ الثفاتی سے، وہ پتھر کپڑے لے کر بھاگ گیا فجمح موسیٰ فی اثرہ اور موسیٰ ننگے دھڑنگے اس کے پیچھے دوڑے۔ پس قوم میں پہنچ گئے۔ قوم نے دیکھا کہ حضرت موسیٰ کے خصیتین ٹھیک ٹھاک ہیں نہ زیادہ بڑے نہیں ہیں۔ پس موسیٰ نے ڈنڈا اٹھایا اور اس پتھر کی خوب پٹائی کی۔

بخاری شریف کتاب الغسل صفحہ ۱/۶

نوٹ۔ یہ روایت ابوہریرہ سے مروی ہے اور اس بدزبان نے فقہ نعمان پر اس جیسے کئی خرافات بنا کر احسان کیا ہے۔ ابوہریرہ نے اس روایت کی ویسے تو کافی تحقیق کی ہے البتہ یہ بتانا بھول گیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خصیتین کا وزن کتنا تھا۔

۱۵۔ سنی فقہ میں ہے کہ نبی کریم کو جبرئیل نے ابتدا میں تین مرتبہ اتنے زور سے دبایا کہ حضور کا پسینہ نکل آیا۔

بخاری شریف باب التعبیر صفحہ ۲۹/۹

نیز بخاری شریف کتاب بدء الخلق صفحہ ۱۰۹/۴ میں لکھا ہے کہ ابتدا میں نبی کریم کا سینہ چاک کیا گیا من النحر الی مراق البطن گلے سے شکم تک ثم غسل البطن بماء زمزم اور پھر حضور کا باطن چاہ زمزم کے پانی سے دھلایا گیا۔

نوٹ۔ بخاری شریف میں مذکورہ واقعہ جیسے کئی خرافات لکھے ہیں جو نبی تمام نبیوں کا سردار ہے اور جس کے صدقے میں دوسرے نبیوں کو نبوت ملی ہے اس کی شان میں ایسی باتیں لکھنا شان نبوت کی توہین ہے

۱۶۔ سنی فقہ میں ہے کہ غلام رسول نام رکھنے سے پرہیز کیا جائے۔

فتاوی عزیزی باب تصوف صہ ۱۵۷

نوٹ۔ مذکورہ نام سے سنی فقہ نے پرہیز کا حکم اس لئے دیا ہے کہ اس نام سے شرک کی بو آتی ہے اور سننے والوں کو شرک کا گمان ہوتا ہے اور ہم عرض کرتے ہیں کہ سنی بھائیوں کو زیادہ لمبی داڑھی سے بھی پرہیز کرنا چاہیئے کیونکہ اس کے دیکھنے سے یہ گمان ہوتا ہے کہ کوئی تارا سنگھ آرہا ہے۔

۱۷۔ سنی فقہ میں ہے کہ زیادہ ہمبستری کرنا سنت رسول ہے کیونکہ کان النبی یطوف علی نسائہ فی اللیلۃ الواحدۃ ولہ یومئذ تسعۃ نسوۃ
نبی کریم ایک ہی رات میں اپنی تمام بیویوں پر پھر جاتے تھے اور حضور کی اس وقت نو بیویاں تھیں۔

بخاری شریف کتاب النکاح باب من طاف علی نسائہ فی غسل واحد صہ ۳۴

نوٹ۔ فقہ حنفیہ بلّے بلّے کیا شان رسالت بتائی۔ ایک طرف تو کہتے ہیں نبی ہم جیسا بشر تھا۔ تو کیا ایک بشر ایک ہی رات میں نو عورتوں کی جنسی خواہش پوری کر سکتا ہے۔ کیا پیغمبر اسلام لبوب کبیر کھاتے تھے یا معجون کچلہ استعمال کرتے تھے زیادہ ہمبستری کرنا معاذاللہ یہ رسول کی شان نہیں

ہے بلکہ یہ تو چڑے کی شان ہے۔

سنی فقہ میں شانِ قرآن پاک

۱۸۔ سنی فقہ میں ہے کہ اگر کسی کی نکسیر پھوٹ جائے اور وہ شفا حاصل کرنے کی نیت سے قرآن پاک کو لو کتب بالبول او بالدم او علی جلد المیتۃ لاباس بہ پیشاب کے ساتھ یا خون کے ساتھ لکھے یا مردار کی کھال پہ لکھے تو کوئی گناہ نہیں۔

فتاوی قاضی محمد خان صہ ۷۸ کتاب الحظر

نوٹ۔ فقہ نعمان نے قرآن پاک کا تو جنازہ ہی نکال دیا ہے مذکورہ تینوں چیزیں نجس ہیں اگر ان نجس چیزوں سے قرآن پاک لکھنا جائز ہے تو پھر اور کون سی نجاست ہے جس سے قرآن نہیں لکھا جا سکتا۔ نعمان صاحب نے معاملہ کچھ الٹ ہی کر دیا ہے۔ پیشاب سے لکھنے کے قابل تو بخاری شریف تھی لیکن بخاری کو چھوڑ کر فتوی قرآن کے بارے میں صادر فرمایا ہے۔ کیا ابوبکر و عمر و عثمان کی تعلیمات یہی ہیں اور کیا فقہ نعمان یہی ہے کہ قرآن کی ہتک کی جائے جس کی شان میں اللہ تعالی فرماتا ہے لا یمسہ الا المطھرون (بغیر طہارت کے قرآن کو مس بھی نہ کرو)

۱۹۔ سنی فقہ میں قرآن جلانا سنت عثمان ہے کیونکہ بخاری شریف میں لکھا ہے فامر بکل مصحف ان یحرق کہ عثمان نے حکم دیا تھا کہ سوائے ہمارے مصحف کے باقی سب قرآن جلا دیئے جائیں

بخاری شریف باب فضائل القرآن صہ ۷۴۶

نوٹ ۔ کیا خدمت اسلام ہے۔ ابوبکر و عمر نے تو حدیث کی کتابیں جلائیں اور عثمان صاحب نے قرآن پاک کو جلایا۔ اسی بے ادبی کرنے کی وجہ سے عثمان صاحب کو اصحاب نبی نے ذبح کر ڈالا اور جیسا کہ اعثم کوفی میں لکھا ہے کہ اس کے مرنے کے بعد اس کی ایک ٹانگ کتے لے بھاگے اور لطف کی بات یہ ہے کہ عثمان صاحب کی اس حرکت کو عثمانی گروہ اس کی فضیلت شمار کرتا ہے۔ سچ ہے کہ جب عقل تقسیم ہوئی تھی تو ملت عثمان کو کچھ نہیں ملی تھی۔

۲۰۔ سنی فقہ میں ہے کہ کسی ملوانے کا ہاتھ چومنا یا کسی بادشاہ کا ہاتھ چومنا تو ٹھیک ہے اور اس میں کوئی ہرج نہیں لیکن تقبیل المصحف بدعۃ قرآن پاک کا چومنا بدعت ہے۔

الدر المختار کتاب الخطر ص ۵۵ ج ۴

نوٹ ۔ کیا خرافات ہے فقہ نعمان ۔ ملوانے کا ہاتھ جو دن میں کئی مرتبہ پیشاب و پاخانہ کے مقامات پر پھرتا رہتا ہے اس کا چومنا تو کوئی گناہ نہیں لیکن اللہ کا پاک، و پاکیزہ قرآن چومنا بدعت ہے۔ حنفیوں کو چاہیئے کہ ملوانوں کے ہاتھوں کے بجائے ان کے خصیتین بھی چومیں۔

۲۱ ۔ سنی فقہ میں ہے کہ حضرت نعمان ابوحنیفہ نے کعبہ کے دروازہ کے سامنے کھڑے ہو کر پہلے پندرہ پارے عثمان کے ختم کئے اور پھر دوسری ٹانگ کے سہارے کھڑے ہو کر باقی پندرہ پارے ختم کئے

الدر المختار ص ۴ دیباچہ

نوٹ ۔ ایک ٹانگ پہ کھڑے ہو کر قرآن ختم کرنا نہ حکم خدا ہے نہ

سنت رسول، نہ ہی سنت صحابی یا تابعی ہے بلکہ ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر ریاضت کرنا سنت بگلا ہے (جو کہ ایک پرندہ ہے)

حضرت بگلا گندے پانی کے کنارے ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر کیڑے پکڑنے کی خاطر سارا سارا دن ریاضت کرتا ہے ۔ امام اعظم جولاہے کو یہ بگلا کی سنت بڑی پسند آئی ہے ویسے بھی جولاہوں کو ایک ٹانگ پر کھڑے ہونے کا کافی تجربہ ہوتا ہے کیونکہ وہ تانی کے دھاگوں کی مرمت کے لئے اکثر ایسے ہی کھڑے ہوتے ہیں۔

۲۲۔ سنی فقہ میں ہے کہ قرآن مکمل نہیں ہے کیونکہ عبداللہ بن عمر کا بیان ہے لایقولن احدکم قد اخذت القرآن کلہ کوئی شخص یہ دعوےٰ نہ کرے کہ مجھے پورا قرآن ملا ہے کیونکہ قد ذھب منہ قرآن کثیر زیادہ قرآن تو ضائع ہو گیا ہے۔

تفسیر در منثور ص ۱۰۲ مطبوعہ مصر

نیز تفسیر اتقان ص ۸۸ میں لکھا ہے کہ عمر بن خطاب کہتا ہے کہ القرآن الف الف حرف وسبعۃ وعشرون الف حرف قرآن پاک کے دس لاکھ ستائیس ہزار حرف ہیں فمن قرأہ کان لہ بکل حرف زوجۃ من الحور العین اور جو شخص ان حروف کو پڑھے گا تو ہر ہر حرف کے عوض اسے ایک حور جنت میں ملے گی۔

نوٹ ۔ ابن عباس فرماتے ہیں کہ تین لاکھ تئیس ہزار چھ سو اکہتر حروف موجودہ قرآن پاک میں ہیں ... صاحب کہتے ہیں کہ دس لاکھ ستائیس ہزار حروف ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ بقایا سات لاکھ تین ہزار

دو سو انتیس حروف عائشہ کی بکری کھا گئی ہے۔ اور دو حصے قرآن بقول عمر صاحب اہلسنت کا ضائع ہو گیا ہے۔ موجودہ قرآن تیس پاروں کا ہے جو تین لاکھ تیئیس ہزار چھ سو اکہتر حروف سے مرتب ہے۔ بقول عمر صاحب اگر قرآن پاک کے دس لاکھ حروف تھے تو پھر قرآن پاک تقریباً نوّے پاروں کا ہونا چاہیئے تھا۔ ہم سنی بھائیوں کو پرسہ دیتے ہیں کیونکہ بیچاروں کے قرآن سے ساٹھ پارے ضائع ہو گئے ہیں۔

نوٹ۔ قرآن پاک میں حرفوں کی تعداد موجودہ زمانے میں دو لاکھ سٹاسٹھ ہزار ترپن (۵۳) ہے۔ اس طرح ابن عباس کے عقیدہ کے مطابق بھی چھپن (۵۶) ہزار پانچ سو ستانوے (۹۷) حروف ضائع ہو گئے ہیں۔

انور شاہ کشمیری دیوبندی نے اپنی مایۂ ناز کتاب فیض الباری علی صحیح البخاری ص ۳۹۵/۴ کتاب الشہادات میں اقرار کیا ہے کہ والذی تحقق عندی ان التحریف فیہ لفظی ایضا اما انہ عن عمد منھم او لمغلطۃ کہ میرے نزدیک یہ چیز تحقیق سے ثابت ہے کہ قرآن میں لفظی تحریف بھی ہے اور یہ یا تو اصحاب نے جان بوجھ کر کی ہے یا غلطی سے۔

پس نتیجہ یہ نکلا کہ سنی بھائیوں کے نزدیک قرآن مکمل نہیں ہے۔ اور بقول ان کے عمر صاحب کے تقریباً ساٹھ پارے قرآن پاک کے ضائع ہو گئے ہیں اور دس لاکھ حوران جنت کے نہ ملنے کا نقصان ہوا ہے۔ لیکن ہمارے سنی دوست ڈھیٹ ایسے ہیں کہ شیعوں کو طعنہ دیتے ہیں کہ تمہارا

قرآن پر ایمان نہیں۔

۲۳۔ سنی فقہ میں ہے کہ نبی کریم بی بی عائشہ کی رانوں میں سر رکھ کر قرآن پاک کی تلاوت کرتے تھے۔

زاد المعاد لابن قیم باب سیرۃ النبی مع ازواج

نوٹ۔ فقہ نعمان کے وارے وارے جاواں تلاوت قرآن کے لیے کیا نرم و نازک رحل تجویز کیا ہے۔ ملوانوں کو چاہیئے کہ سنت نبوی کو زندہ کریں اور شبیوں میں بیویوں کو مسجد میں لے جائیں اور ان کی رانوں میں سر رکھ کر قرآن پڑھیں اور تراویح شریف کے لیے بھی یہی رحل مناسب رہے گا۔

۲۴۔ سنی فقہ میں ہے۔ نبی کریم نے فرمایا کہ میرے بعد ایسے قاری اور حافظ ہوں گے جو قرآن تو پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ بخاری شریف ص ۲۰۰/۴

نوٹ۔ سنی بھائی اپنے اندھے حافظوں پہ فخر کرتے ہیں حالانکہ رسول اللہ نے ان کی مذمت فرمائی ہے اور شیعوں پہ طنز کرتے ہیں کہ ان میں حافظ نہیں ہے کیونکہ یہ ابوبکر و عمر و عثمان سے دشمنی رکھتے ہیں۔ پس ثلاثہ ان کے دلوں میں قرآن نہیں ٹھہرنے دیتے۔ اور ہم یہ عرض کرتے ہیں کہ قرآن ذکر خدا ہے اور جو ذکر خدا کو دلوں میں نہ ٹھہرنے دے اور کسی نیک کام سے مانع ہو وہ ابلیس ہوتا ہے۔

سُنّی فقہ میں شانِ اصحاب

۲۵۔ نبی کریم فرماتے ہیں کہ حوضِ کوثر کا پانی دودھ سے زیادہ سفید ہو گا
اور کستوری سے زیادہ اس میں خوشبو ہو گی اور اس کے کنارے ستاروں
کی طرح چمکتے ہوئے ساغر ہوں گے اور میرے اصحاب کا ایک گروہ
جب اس حوض پر پہنچے گا تو ان کو حوضِ کوثر سے ہٹا دیا جائے گا
تو میں عرض کروں گا یا ربّ اصحابی اصحابی کہ اے اللہ یہ میرے
اصحاب ہیں۔ آوازِ قدرت آئے گی لا علم لک ما احدثوا بعدک
تجھے کیا معلوم کہ انہوں نے تیرے بعد کیا کیا بدعات کیں۔ انّھم
ارتدوا علیٰ ادبارھم القھقری کہ یہ تیرے بعد مرتد ہو گئے
تھے۔ بخاری شریف صفحہ ۱۲۰

نوٹ:۔ موطأ امام مالک کتاب الجہاد میں لکھا ہے کہ نبی پاک نے
ابوبکر کے ایمان پر مرنے کی تصدیق سے انکار فرمایا ہے ان الفاظ
میں کہ ما ادری ما تحدثون بعدی مجھے معلوم نہیں کہ تم میرے بعد
کیا کیا بدعات کرو گے۔

نیز بخاری شریف باب غزوہ حدیبیہ جلد ۲ صفحہ ۲۵ میں لکھا ہے کہ
ایک شخص نے براء ابن عازب سے کہا طوبیٰ لک صحبت النبی
خوش نصیب ہے تو کہ نبی کریم کی صحبت پائی ہے۔ براء نے کہا
انک لا تدری ما احدثنا بعدہٗ کہ تجھے معلوم نہیں جو ہم نے نبی

کے بعد بدعات کی ہیں۔

ہم شیعوں کا بس یہی جرم ہے کہ ہم ایسے اصحاب کو بے نقاب
کرتے ہیں جنہوں نے رسول اللہ کے بعد دین میں بدعات پیدا کیں اور
اسلام کا کچومر نکال دیا اور شریعت کا قیمہ کیا اور دینِ خدا کو اس طرح
تباہ و برباد کیا کہ خود اہلسنت بھی یقینی طور پر یہ نہیں بتا سکتے کہ رسول اللہ
کس صورت و شکل کی نماز پڑھتے تھے۔ حالانکہ نماز تو ایک ایسا عمل
تھا جسے ہر روز نبی کریم پانچ مرتبہ کر کے دکھاتے تھے۔ اور باقی احکام
جو کبھی کبھی در پیش آتے تھے ان کا بتانا تو بہت مشکل ہے۔ پس
دین کو خراب کرنے والے اصحاب سے ہم شیعہ بیزار ہیں خواہ سنّی بھائیوں
کو ہمارے اس روّیئے سے تکلیف ہی پہنچے۔

۲۶۔ سنی فقہ میں ہے کہ اصحابِ نبی میں ایک ایسا گروہ بھی تھا جن میں
قومِ لوط کی صفت پائی جاتی تھی۔ کنز العمال کتاب الفتن صفحہ ۵۲ جلد ۶

نوٹ۔ علّتہ المشائخ کے مریض ہمارے اہلسنت کے کئی بزرگ گزرے
ہیں۔ ہم صرف چند کا تذکرہ کرتے ہیں۔

۱۔ ولید بن مغیرہ رضی اللہ عنہ	۲۔ حکم بن عاص رضی اللہ عنہ
۳۔ عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ	۴۔ ولید بن یزید بن عبدالمالک رضی اللہ عنہ
۵۔ امین بن ہارون رشید رضی اللہ عنہ	۶۔ یزید بن معاویہ رضی اللہ عنہ
۷۔ قاضی یحییٰ بن اکثم رضی اللہ عنہ	۸۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ

یہ صاحبان اس میدان کے بہت بڑے پہلوان تھے مذکورہ واقعہ کی

تحقیقات کے لیے مفردات راغب اصفہانی ۔ تاریخ الخلفاء ۔ تفسیر روح المعانی ۔ تاریخ بغداد جلد ۱۴ ذکر یحییٰ ابن اکثم ملاحظہ فرمائیں ۔

۲۷ ۔ سنی فقہ میں ہے کہ اصحاب حدیث سننے سے غافل رہتے تھے کیونکہ ابوہریرہ کہتا ہے کنت امرءً مسکینا میں ایک مسکین آدمی تھا اور پیٹ بھرنے کی خاطر ہر وقت نبی کے پاس رہتا تھا اور مہاجرین دوکانداری میں اور انصار زمینداری میں پھنسے ہوئے تھے ۔

بخاری شریف کتاب الاعتصام صہ ۱۵۸/۹

نوٹ ۔ بقول ابوہریرہ جب مہاجرین و انصار نے نبی کریم سے فیض ہی حاصل نہیں کیا تو پھر ان کو دین اسلام کا محافظ کیسے سمجھا جا سکتا ہے ۔

۲۸ ۔ سنی فقہ میں ہے کہ تیس ۳۰ صحابیوں کو اپنے متعلق نفاق کا ڈر تھا ۔ قال ابن ابی ملیکہ ادرکت ثلاثین من اصحاب النبی کلھم یخاف النفاق علی نفسہ راوی کہتا ہے کہ میں نے تیس صحابہ رسول کو پایا کہ جن کو اپنے اوپر نفاق کا ڈر تھا ۔

بخاری شریف صہ ۱۴/۱ کتاب الایمان

نوٹ ۔ فقہ حنفیہ بلّے بلّے کیا اپنے بزرگوں کی تعریف فرمائی ہے کسی کے بارے میں لکھا کہ اس میں شرک تھا ۔ کسی کے بارے میں لکھا کہ اسے نبوت پر شک تھا اور پھر ایک ہی دم تھوک کے حساب سے کہہ دیا کہ ہمارے تیس بزرگ منافق تھے ۔ حنفی دوستوں کو منافقین

کی پیروی مبارک ہو

۲۹ ۔ سنی فقہ میں ہے کہ ابوبکر نے عمر کو نصیحت کی تھی کہ اصحاب محمد پر اعتبار نہ کرنا کیونکہ قد انتفخت اجوافھم وطمحت ابصارھم واحبّ کل امرءٍ منھم لنفسہ ان کے پیٹ پھولے ہوئے ہیں اور آنکھیں خلافت کے لالچ میں اٹھی ہوئی ہیں اور ہر صحابی (خلافت) اپنے لئے چاہتا ہے

ازالۃ الخلفا ماثر ابی بکر صہ ۱۲۴/۳

نوٹ ۔ فقہ نعمان بلّے بلّے جن اصحاب نے ابوبکر کو دھکے سے خلیفہ بنایا تھا ابوبکر نے ان کو یہ صلہ دیا کہ ان کو لالچی کہا ۔

۳۰ ۔ سنی فقہ میں ہے کہ تمام اصحاب ابوبکر پر ناراض ہوئے تھے جب اس نے عمر کو خلیفہ بنایا ۔ پھر ابوبکر صاحب بگڑ گئے اور کہا فکلھم ورم انفہ ارادۃ ان یکون ھذا الامر لہٗ کہ تم سب کو عمر کی خلافت سے سخت تکلیف ہے اور تم خلافت اپنے لیے چاہتے ہو ۔

اسد الغابہ ذکر عمر صہ ۱۶۷/۴

سنی فقہ میں شان بی بی عائشہ

۳۱ ۔ سنی فقہ میں ہے کہ انما الشوم فی ثلاث الفرس والمراۃ والدار

ترجمہ ۔ نحوست تین چیزوں میں ہے عورت گھر اور گھوڑے میں اور عورت کی نحوست سے مراد یہ ہے کہ اس کی اولاد نہ ہو ۔

فتویٰ عبدالحیٔ صد ۴۶۱ باب السوم

نوٹ۔ فقہ حنفیہ بلّے بلّے۔ جس عورت کی اولاد نہ ہو وہ منحوس ہے۔ باقی عورتوں کی تو خیر ہے لیکن بی بی عائشہ کا کیا کریں گے جو صحت مند ہونے کے باوجود اولاد کی نعمت سے محروم رہی۔

۳۲۔ سنی فقہ میں ہے کہ بی بی عائشہ کہتی ہے کہ لدّدنٰہُ فی مرضہ ہم نے حضور پاک کو ایک دوائی آنجناب کی بیماری میں زبردستی پلائی تھی۔
بخاری صد ۱۲۷ ج ۳، کتاب الطب

نوٹ۔ بی بی عائشہ نے حضور پاک کو جو دوائی پلائی تھی اس میں زہر ملا ہوا تھا۔ تفسیر حقی میں وضاحت موجود ہے۔ پس سنی عورتوں کے بڑے مزے ہیں۔ اگر وہ شوہر کو زہر دیں تو سنت عائشہ پر عمل کیا ہے۔

۳۳۔ سنی فقہ میں ہے کہ فاشار: نحو مسکن عائشہ فقال ھنا الفتنۃ ثلاثاً یعنی حضور پاک نے عائشہ کے گھر کی طرف اشارہ کر کے تین مرتبہ فرمایا کہ فتنہ یہاں سے نکلے گا۔

نوٹ۔ فقہ حنفیہ بلّے بلّے۔ کیا شان عائشہ بتائی ہے کہ جو فتنہ کی جڑ ہے مراد فتنہ سے یہ ہے کہ مصنوعی خلافت کا منصوبہ اسی گھر میں تیار ہوا تھا۔

۳۴۔ سنی فقہ میں ہے کہ قالت عائشہ کنت العب بالبنات عند النبی اماں جی فرماتی ہیں کہ میں حضور کے پاس گڑیاں کھیلتی تھی
بخاری شریف صد ۳۱ ج ۸ کتاب الادب

نوٹ۔ فقہ نعمان بلّے بلّے۔ کیا شان بتائی ہے بی بی عائشہ کی کہ جس

نے نبی کے گھر میں گڑیاں کھیل کھیل کر بیت النبوۃ کو بیت خانہ میں تبدیل کر دیا۔

۳۵۔ سنی فقہ میں ہے کہ بی بی عائشہ کہتی ہے کہ ایک روز رسول اللہ میرے گھر میں آئے اور میرے پاس دو کنیزیں گا رہی تھیں۔ حضور خاموش ہو کر لیٹ گئے۔ اور ایک دن عید کا روز تھا حضور نے مجھے بنو ارفدہ کا تماشا اور گتکا بازی دکھائی۔ اس طرح کہ میرا رخسار نبی کے رخسار کے ساتھ ملا ہوا تھا۔

بخاری شریف صد ۳۹ ج ۴ باب فضل الجہاد

نوٹ۔ فقہ حنفیہ بلّے بلّے۔ جس میں نبیوں کے سردار کے گھر کی شان اس طرح دکھائی ہے جس طرح کسی مراثی کا گھر ہوتا ہے۔ کبھی تو حضورؐ عائشہ کو حبشیوں کا ناچ دکھاتے ہیں اور بنو ارفدہ کی گتکا بازی دکھلاتے ہیں اور کبھی حضورؐ کے گھر ڈھولک۔ دف۔ گھڑا۔ تھال بج رہا ہے۔ یہ سب خرافات ہیں فضیلت عائشہ نہیں۔

۳۶۔ سنی فقہ میں ہے کہ بی بی عائشہ کہتی ہے کہ فیباشرنی وانا حائض کہ میں حیض کی حالت میں ہوتی تھی اور حضورؐ میرے ساتھ مباشرت کرتے تھے۔
بخاری شریف صد ج ۱ کتاب الحیض

نوٹ۔ فقہ امام اعظم تیرے قربان نبی کی نو بیویاں تھیں اور سب کو ایک ہی دفعہ حیض نہیں آتا تھا۔ حضور پاک کو کیا مجبوری تھی کہ عائشہ ہی سے حضور اس کی حائض کی حالت میں مباشرت کرتے تھے۔

٣٧۔ سنی فقہ میں ہے کہ بی بی عائشہ کہتی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ
عائشہ تو مجھے شادی سے پہلے خواب میں دو مرتبہ دکھائی گئی۔
فرشتہ تجھے ریشمی چادر میں لایا۔ جب میں نے چادر کھولی خافا ھی
انت پس تو اس میں تھی۔

بخاری شریف جب ۹ ص ۳۶ کتاب الرؤیا باب الحریر فی المنام

نوٹ۔ بی بی عائشہ کوئی امریکن میم یا یورپین لیڈی تو نہیں تھی کہ بہت
دور رہتی تھی اور اس کے رشتہ کی خاطر اس کا فوٹو دکھانا پڑا۔ حضور پاک
اور عائشہ دونوں مکہ میں رہتے تھے اور بقول اہلسنت وہ چھ سال کی لڑکی
تھی۔ پس حضور پاک تو خود عائشہ کو دیکھ سکتے تھے۔ اس لئے یہ تصویر والا
ڈھکوسلا من گھڑت ہے۔

٣٨۔ سنی فقہ میں ہے کہ بی بی عائشہ کہتی ہے کہ تزوجہا وھی بنت
ستہ سنین کہ حضور نے مجھ سے نکاح کیا تو میں چھ سال کی تھی
اور میری رخصتی ہوئی تو میں نو سال کی تھی۔

بخاری شریف ج ۷ ص ۱۷ کتاب النکاح

نوٹ۔ مکہ کی زلیخا بی بی عائشہ میں کیا رکھا تھا کہ حضور پاک نے اپنی ہم عمر
بیویوں کے ہوتے ہوئے یا دوسری جوان عورتوں کے ملنے کے باوجود
چھ سالہ ننھی اماں جی سے اپنے پچاس برس کے سن میں شادی رچائی۔

جناب معاویہ بی بی عائشہ کے قاتل ہیں

٣٩۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ حبیب السیر جزو سیّم جلد اول ص ۵۸
در تاریخ حافظ ابرو از ربیع الابرار و کامل السفینہ منقول
است کہ در شہور سنتہ ستہ و خمسین کہ معاویہ بن ابی سفیان
بجہت بیعت یزید بمدینہ رفتہ حسین ابن علی عبداللہ بن عمر۔
عبدالرحمٰن بن ابی بکر۔ عبداللہ بن زبیر را برنجانید صدیقہ رضی اللہ
عنہا زبانِ ملامت و اعتراض بروئے بکشاد و معاویہ در خانہ
خویش چاہِ کندہ سر آنرا بخاشاک پوشید و کرسی آبنوس بر زبر
آں نہاد۔ آنکہ صدیقہ را جہت ضیافت طلب داشت و بر آں
کرسی نشاند تا در چاہ افتاد و معاویہ سرِ چاہ را آہک مضبوط
کردہ از مدینہ بمکہ رفت۔

ترجمہ

۵۶ھ میں معاویہ مدینے آیا بیعت یزید لینے کی خاطر امام
حسین علیہ السلام۔ عبداللہ بن عمر عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور
عبداللہ بن زبیر کو بیعت یزید کے بارے میں دکھ پہنچایا۔
بی بی عائشہ صدیقہ نے یزید کی بیعت لینے کے بارے میں
معاویہ کو ملامت اور توہ پھٹ کی۔ معاویہ نے کسی عزیز کے
گھر میں ایک کنواں کھدوایا اور گھاس سے اس کا منہ چھپا

دیا اور جب آبنوس کی کرسی اس پر رکھ دی تو بی بی عائشہ کی دعوت کی اور اس کو مہمان بنایا اور اسے اس کرسی پر بٹھایا بس بیٹھنے کی دیر تھی کہ اماں جی اس کنوئیں میں گر گئیں۔ معاویہ نے اس کنوئیں کو بند کرا دیا اور مدینہ سے مکہ چلا گیا۔

نوٹ۔ یہ ہیں معاویہ صاحب بڑی شان والے جس نے نبی کریم کی پیاری بیوی کا کوئی لحاظ نہ کیا اور بے دردی سے بیچاری کو کنوئیں میں زندہ دفن کر دیا۔ پس کوئی غیور مسلمان اپنی ماں کے قاتل معاویہ کو عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھے گا۔

سُنی فقہ میں شانِ معاویہ

۴۰

معاویہ جنابِ علیؑ کو اصحاب نبیؐ سے گالیاں دلواتا تھا۔

مسلم شریف باب فضائل علیؑ ص ۳۲۴ / ۲

نوٹ۔ ہندہ کے لونڈے معاویہ نے جو طریقہ آلِ رسولؐ کو گالیاں دینے کا جاری کیا یہ خلفاء اہلسنت میں بنو امیہ اور بنو مروان میں تقریباً اسی برس تک چلتا رہا۔ پس معلوم ہوا کہ گالیاں دینا اہلسنت کے مذہب میں کوئی بری بات نہیں ہے۔ نیز سنی کہتے ہیں کہ معاویہ مومنوں کا ماموں تھا اور ہم کہتے ہیں کتنی کافر بھی مومنوں کے ماموں تھے۔ نیز سنی کہتے ہیں کہ معاویہ کاتبِ وحی تھا اور ہم عرض کرتے ہیں کہ معاویہ تو فتح مکہ کے بعد ظاہرا مسلمان ہوا تھا اور فتح مکہ سے پہلے قرآن کیا اس کی ماں ہندہ ؟ کر بکتی تھی۔ معاویہ

کا کاتب وحی ہونا سفید جھوٹ ہے۔

نیز شرح ابن ابی الحدید ذکر فدک میں لکھا ہے کہ ابوبکر نے بھی جناب فاطمۃ الزہراؑ اور جناب امیرؑ کو گالیاں دی ہیں۔ نیز معاویہ کی فضیلت میں امام بخاری کی کوئی حدیث نہیں ملی اسی لئے تو بخاری میں اس نے باب فضیلت معاویہ نہیں بنایا اور بقول امام نسائی کے معاویہ کے بارے میں حضورؐ کا یہ فرمان بھی ملتا ہے کہ خدا معاویہ کے پیٹ کو کبھی نہ بھرے اور یہ حضورؐ کی بد دعا کا اثر تھا کہ معاویہ کھاتے کھاتے سیر نہیں ہوتا تھا پس معاویہ بڑا ڈھڈھل اور پیٹو تھا۔

سُنی فقہ میں شانِ خلافت

۴۱۔ سنی فقہ میں ہے کہ نبی کریمؐ نے حذیفہ نامی صحابی سے فرمایا تھا یکون بعدی آئمۃ لایھتدون بھدایتہ قلوبھم قلوب الشیاطین فی جثمان انس کہ میرے بعد ایسے امام اور خلیفے بنیں گے جو میری سنت اور فرمان پر عمل نہیں کریں گے ان کے دل شیطانی ہوں گے اور وہ بخود شکل انسانی میں ہونگے۔ حذیفہ نے عرض کی کہ اس صورت میں پھر ہم کیا کریں۔ فرمایا کہ آپ صبر کریں اگرچہ وہ تمہاری پٹائی ہی کیوں نہ کریں۔

مسلم شریف کتاب الفتن ص ۱۲۰ / ۲

مشکوٰۃ شریف کتاب الفتن — کنز العمال کتاب الفتن

... نبی کریمؐ کے بعد حضرت ابوبکر و عمر و عثمان کا زمانہ پایا

ہے اور حضورؐ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ میرے بعد ایسے امام ہوں گے جن کے دل شیطانی ہوں گے۔ فقہ نعمان تیرے قربان۔ کیا تعریف کی ہے بزرگوں کی۔ ایسی خلافت وامامت جس کے ایسے پیشوا ہوں کہ جن کے دل شیطانی تھے وہ حنفیوں کو مبارک رہیں۔

۴۲۔ سنی فقہ میں ہے کہ نبی کریمؐ نے ابوبکر سے کہا تھا الشرک فیکم اخفی من دبیب النمل کہ شرک تم میں چیونٹی کی چال سے زیادہ پوشیدہ ہے۔

ادب المفرد للامام البخاری کتاب الدعا صـ ۳۳۲

۴۳۔ سنی فقہ میں ہے کہ ابوبکر نے اپنے پہلے خطبے میں فرمایا تھا کہ ان لی شیطاناً یعتر یسنی کہ مجھ پر ایک شیطان مسلط ہے مجھ سے بچکر رہو۔

صفوۃ الصفوۃ ذکر ابی بکر صـ ۹۹/۱

نوٹ۔ فقہ نعمان بلّے بلّے۔ شیطان تو کہتا ہے کہ میں اللہ کے مخلص بندوں کے قریب نہیں جاؤں گا اور ادھر ابوبکر صاحب فرما رہے ہیں مجھ پر شیطان مسلط ہے۔ لہذا معلوم ہوا کہ ابوبکر صاحب خدا کے خالص بندے نہ تھے۔

۴۴۔ سنی فقہ میں ہے کہ عمر صاحب نے اقرار کیا ہے کہ نبی پاک نے ابوبکر کو خلیفہ نہیں بنایا تھا کیونکہ جب عمر سے کہا گیا کہ تو اپنے بعد کسی کو خلیفہ بنا کر جا اس وقت عمر نے کہا وان اترک فقد ترک من ھو خیر منی رسول اللہ کہ اگر میں کسی کو خلیفہ نہ بنا کر جاؤں تو کیا حرج ہے کیونکہ مجھ سے بہتر ذات رسول اللہ نے کسی کو خلیفہ نہیں بنایا

بخاری شریف کتاب الاحکام صـ ۸۱/۹

نوٹ۔ سنی بھائیوں کی وہی مثال ہے کہ مدعی سست اور گواہ چست۔ خلیفے تو کہتے ہیں ہمیں رسول اللہ نے خلیفہ نہیں بنایا اور سنی کہے جا رہے ہیں کہ ہمارے بزرگوں کو نبی نے خلیفہ بنایا۔ پس یا تو سنی جھوٹے ہیں یا ان کے خلیفے جھوٹے ہیں۔

۴۵۔ سنی فقہ میں ہے کہ ابوبکر و عمر و عثمان نہ ہی گناہ سے پاک تھے اور نہ ہی خدا اور رسول نے انہیں خلیفہ بنایا تھا۔

تحفہ اثنا عشریہ باب ۷ صـ ۱۸۰

نوٹ۔ چلو چھٹی ہوگئی ایک تو اہلسنت کے خلفاء منصوص نہیں اور دوسرا یہ کہ ان کا کردار بھی داغدار ہونے سے پاک نہیں کیونکہ وہ گناہ بھی کرتے تھے۔ چلو بڑے نہیں تو چھوٹے گناہ ہی سہی۔ مثلاً اگر زنا نہیں کرتے ہونگے تو بوسے تو لیتے ہونگے۔

۴۶۔ سنی فقہ میں ہے کہ ابوبکر و عمر کو گالیاں دینا کفر نہیں

شرح فقہ اکبر صـ ۸۲

۴۷۔ سنی فقہ میں ہے کہ عبداللہ بن عمر نے یزید کی بیعت کے متعلق کہا کہ یہ بیعت اسی طرح ہے جس طرح اللہ اور نبی کی بیعت ہوتی ہے۔

بخاری شریف صـ ۵۷/۹

نوٹ۔ فقہ نعمان تیرے قربان جس نے یزید جیسے فاسق و فاجر بدکردار لعنۃ اللہ علیہ کے لئے خلافت کی گاڑی میں سے سیٹ نکال لی۔

نیز بخاری شریف کتاب الاحکام صـ ۸۷/۹ میں لکھا ہے کہ عبداللہ

بن عمر نے عبدالملک بن مروان جیسے بدکردار کو بھی خلیفہ رسول سمجھا ہے

فقہ حنفیہ کے بارہ خلیفے

۴۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر صفحہ ۷۹ مطبوعہ مصر۔ ذکر خلفا

فالاثنا عشر هم الخلفاء الراشدون الاربعه ومعاویه

وابنه یزید وعبدالملک بن مروان واولاده الاربعه

وبینهم عمر بن عبدالعزیز

ترجمہ۔

پس (اہلسنت کے) وہ بارہ خلیفے یہ ہیں۔ پہلے چار خلیفے اور معاویہ اور اس کا بیٹا یزید اور عبدالملک بن مروان اور اس کے چار بیٹے اور عمر بن عبدالعزیز (وبعبارۃ اخریٰ)

بارہ خلیفے یہ ہیں۔ ۱۔ ابوبکر۔ ۲۔ عمر۔ ۳۔ عثمان۔ ۴۔ مولا علی علیہ السلام ۵۔ معاویہ بن ابوسفیان۔ ۶۔ یزید بن معاویہ علیہ اللعن۔ ۷۔ عبدالملک بن مروان۔ ۸۔ ولید بن عبدالملک۔ ۹۔ یزید بن عبدالملک۔ ۱۰۔ سلیمان بن عبدالملک۔ ۱۱۔ ہشام بن عبدالملک۔ ۱۲۔ عمر بن عبدالعزیز۔

نوٹ۔ فقہ اہلسنت بتلے بلئے جس میں چھٹا خلیفہ واجام یزید ہے۔

یہی مسئلہ ۱۹۷۷ء میں جب میں نے ٹھٹھی بالاراجہ ضلع جھنگ میں عشرہ محرم الحرام کی مجالس کے دوران سید کمال شاہ اور سید غلام عباس شاہ کے عزاخانہ میں بیان کیا تھا تو اہلسنت دوستوں کو مرچیں لگ گئی تھیں۔

اور میری شکایت ہوم سیکرٹری سے کر کے چہلم تک مجھ پر ضلع جھنگ میں مجالس کی پابندی لگوادی تھی۔ نیز پھر یہی مسئلہ میں نے ۱۹۷۸ء میں وہاڑی شہر ریل بازار اہلحدیث کی مسجد کے سامنے عاشورا کے روز بیان کیا تھا تو اہلحدیثوں کے رنگ بدل گئے تھے اور مجھ پر کیس کر دیا جس میں تقریباً ایک سال تک مجھے پریشان کیا۔

اہلسنت دوستو! میرا صرف یہی قصور تھا کہ میں نے شرح فقہ اکبر کی عبارت پڑھ کر اس کا ترجمہ حاضرین مجلس کو سنایا تھا۔ اور پھر بخاری شریف سے یزید کی بیعت کی توثیق عبداللہ بن عمر کے قول سے مولوی غلام محمد باٹھ کے سر پہ اور اپنے سر پر قرآن رکھ کر پیش کی تھی۔

سنی بھائیو! بات انصاف کی ہے جب پیار کیا تو ڈرنا کیا۔ جب اہلسنت کے علماء یزید کو خلیفہ رسول لکھ گئے ہیں تو پھر جب ہم وہی بات کریں جو انہوں نے لکھی ہے تو سنی ملوانوں کو تکلیف کیوں ہوتی ہے۔ سنی ملوانوں کی یہ بد دیانتی ہے کہ پیٹ کے لالچ میں اور عوام کے ڈر سے یزید کی خلافت کا برملا اقرار نہیں کرتے۔ ورنہ تقریباً اکثر ملوانے اہلسنت کے یزیدی ہیں اور یزید کو خلیفہ حق مانتے ہیں لیکن ہم شیعہ یزید پر بھی لعنت کرتے ہیں اور جو شخص بھی یزید کو خلیفہ برحق مانتا ہے اس پر بھی لعنت کرتے ہیں۔

سُنی عوام کے عقیدہ کی شان

۴۹ (سنی) عوام کے عقیدے کی بالکل ایسی حالت ہے جیسے گدھے کا عضو

تناسل بڑھے تو بڑھتا چلا جاتا ہے اور جب غائب ہو تو بالکل
پتہ ہی نہیں۔

انا ضمانت یومیہ ص۳

نوٹ۔ سنی فقہ بلے بلے۔ سنی علماء کی زبانی یہ ہے بیچارے سنیوں کے
عقیدے کی شان۔ بات بھی کسی حد تک درست معلوم ہوتی ہے کیونکہ
ابوبکر و عمر و عثمان کی خلافت کے بارے میں جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ہے
کہ یہ خلافت حق ہے وہ عقیدہ بالکل گدھے کے عضو تناسل کی مثل ہے
کیونکہ جیسی خلافت ہو اس کے لئے ویسا ہی عقیدہ چاہیئے۔

بہ حوالہ کتابچہ "اکابرین کے جواہر پارے" مؤلف شاہد رضوی
پیش کردہ جمعیت خدام رضا ص۵ سے منقول ہے

مذہب اہلسنت میں شان تقیہ[1]

۵۰۔ سنی فقہ میں ہے قال الحسن التقیۃ الی یوم القیامۃ
حسن بصری کہتا ہے کہ تقیہ کرنا قیامت تک جائز ہے
بخاری شریف ص۱۹/۹ کتاب الاکراہ

نوٹ۔ سنیوں کے نزدیک تقیہ نام ہے جھوٹ بولنے کا اور حق کو چھپانے
کا۔ پس سنیوں کو مبارک ہو کہ ان کی فقہ میں تا قیامت حق کا چھپانا اور

۱۔ یعنی حق کو چھپانا

جھوٹ بولنا بہترین عبادت ہے۔

۵۱۔ سنی فقہ میں ہے کہ حضرت عمر کلمہ پڑھنے کے بعد کافروں کے ڈر سے گھر
میں چھپ کر بیٹھ گئے تھے۔

بخاری شریف باب اسلام عمر ص۴۸

نوٹ۔ سنی بھائیو! یہ ہیں آپ کے رستم ملّا عمر صاحب! کہ جنہیں کلمہ پڑھنے
کے بعد چند دن دنیا میں گزارنے تقیہ کی مدد سے نصیب ہوئے۔ اگر عمر صاحب
کلمہ پڑھنے کے بعد گھر میں چھپ کر نہ بیٹھتے تو کافروں نے طے کر لیا تھا کہ ان
کا کچومر نکال دیں۔ جس تقیہ نے آپ کے عمر کو بچایا ہے اس کی مخالفت کرنے
سے آپ کو شرم کرنی چاہیئے۔

۵۲۔ سنی فقہ میں ہے کہ عبداللہ بن اُبی منافق نے کہا تھا کہ ہم مومنوں کو مدینہ
سے نکال دیں گے۔ عمر صاحب نے نبی کریم سے عرض کی کہ آپ حکم
کیوں نہیں دیتے کہ ہم اس خبیث کو قتل کر دیں تو حضور نے فرمایا اے
عمر اس بات کو رہنے دے لا یتحدث الناس انہ کان یقتل
اصحابہ کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ محمدؐ اپنے اصحاب کو قتل کرتا تھا۔

بخاری شریف ص۱۸۴/۲ مطبوعہ مصر

نوٹ۔ سنی بھائیو! مسئلہ حل ہو گیا۔ رسول پاک نے ایک خبیث مجرم کو
لوگوں سے تقیہ کرتے ہوئے قتل نہ کیا اور عمر صاحب کے مشورے کو ٹھکرا دیا۔
ہم بھی یہی عرض کرتے ہیں کہ جناب امیر نے بھی کئی خبیثوں کو اس لئے قتل نہ
فرمایا تھا کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ علیؑ حکومت کے لالچ میں مسلمانوں کو قتل

کر رہے ہیں۔

۵۳۔ سنی فقہ میں ہے کہ ان کے بزرگ علما کانوا خائفین من نحو یزید والحجاج وزیاد۔ یزید حجاج اور زیاد کے ظلم سے ڈرتے تھے اور ان کے خلاف کوئی آواز نہیں اٹھاتے تھے۔

شرح فقہ اکبر صہ ۱۴۸ مطبوعہ مصر

۵۴۔ سنی فقہ میں ہے دفی الصحیحین من کرہ امیرہ شیئاً فلیصبر کہ جو کسی حاکم سے کوئی اذیت دیکھے تو اسے چاہیے کہ وہ صبر کرے۔

نیز مسلم میں لکھا ہے کہ جو اپنے کسی حاکم سے اللہ کی نافرمانی دیکھے تو وہ اس حاکم کی اطاعت سے ہاتھ نہ کھینچے۔

شرح فقہ اکبر صہ ۱۴۸ مطبوعہ مصر

نوٹ۔ سنی بھائیو۔ صرف لفظ تقیہ سے آپ کو چڑ ہے ورنہ آپ کے تمام بزرگ ظالم حکمرانوں کے زمانہ میں تقیہ کی حالت میں تھے بلکہ اپنی جان بچانے کی خاطر حدیث بنانے کا فراڈ بھی انہوں نے اختیار کیا کہ ظالم بادشاہ کی اطاعت بھی فرض ہے اور اس کی نافرمانی بے دینی ہے۔

سنی فقہ میں علم مناظرہ و علم کلام کی شان

۵۵۔ سنی فقہ میں ہے قال الامام الشافعیؒ حکمی فی اھل الکلام ان یضربوا بالجرید والنعال۔ امام شافعی فرماتے ہیں کہ سنی

مناظرین کے بارے میں میرا یہ حکم ہے کہ ان کو جوتے مارے جائیں۔ اور چابک مارے جائیں ویطاف بھم فی الاشاعر والقبائل اور ان کا منہ سیاہ کر کے انہیں لوگوں میں پھرایا جائے۔ نیز قال الامام ابو یوسف العلم بالکلام ھو الجھل کہ علم مناظرہ جہالت ہے۔ نیز من طلب العلم بالکلام تزندق جو مناظرے سے علم حاصل کرے وہ زندیق بنے گا۔ نیز عن ابی یوسف لا تجوز الصلوٰۃ خلف المتکلم کہ سنی مناظر کے پیچھے نماز جائز نہیں نیز لا تقبل روایتہ کہ سنی راوی اگر مناظر ہے تو اس کی روایت قبول نہیں۔

نیز علم کلام و مناظرہ کو اختیار کرنے کے بارے میں کئی سنی علماء نے حرمت کا فتوے دیا ہے شرح فقہ اکبر صہ ۱

نوٹ۔ مولوی عبد الستار تونسوی اور مولوی اللہ یار چکڑالوی کو شیعوں کے خلاف مناظرانہ طرز پر لکھنے کا بہت شوق ہے لیکن اگر ان کے امام شافعی آج زندہ ہوتے تو ان دونوں کو وہ جوتے مارتے اور امام ابو یوسف کے فتوے کے مطابق یہ دونوں زندیق اور کافر ہیں۔ نہ ان کی گواہی قبول ہے اور نہ ہی ان کے پیچھے نماز جائز ہے۔

سنی پیر اور ایک کنجری کا مناظرہ

پیر ضامن علی جلال آبادی شہر سہارنپور میں کسی رنڈی کے مکان پر ٹھہرے ہوئے تھے شاہ صاحب کی سب کنجری مریدنیاں ان کی زیارت کے لئے آئیں لیکن

ایک کنجری نہ آئی۔ شاہ صاحب نے اسے بلا بھیجا۔ جب وہ رنڈی پیر صاحب کے سامنے آئی تو پیر صاحب نے پوچھا بی تم کیوں نہیں آئی تھی۔ اس نے کہا حضور گنہگار ہوں اسی وجہ سے زیارت کو آتی ہوئی شرماتی ہوں۔ پیر صاحب بولے بی تم شرماتی کیوں ہو کرنے والا کون اور کرانے والا کون۔ وہ تو وہی ہے۔ رنڈی یہ سن کر آگ بگولا ہو گئی اور ناراض ہو کر کہا لاحول ولا قوۃ اگرچہ میں گنہگار ہوں مگر ایسے پیر کے منہ پر پیشاب بھی نہیں کرتی۔

ماخوذ از اکابرین کے جواہر پارے صہ

نوٹ۔ بات کسی حد تک کنجری کی ٹھیک ہے جو شخص خیر و شر من اللہ تعالیٰ کا عقیدہ رکھتا ہو اس کے منہ پر پیشاب بھی نہ کیا جائے کیونکہ اس میں پیشاب کی توہین ہے۔

اہلسنت کی فقہ اور انکے چاروں مذاہب کی شان

۵۷۔ اہلسنت کے امام شاہ عبدالعزیز کو خواب میں جناب امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام کے دیکھنے کا شرف حاصل ہوا۔ شاہ صاحب نے مولا علی سے پوچھا کہ آپ ہمارے چار مذہبوں اور چاروں فقہ کے بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ مولا علی نے فرمایا میرے نزدیک یہ چاروں ٹھیک اور درست نہیں ہیں۔ فتاویٰ عزیزی صہ

نوٹ۔ سنی بھائیوں کو مبارک ہو کہ مولا علیؑ نے ان کی تمام فقہ کو ٹھکرا دیا ہے اور جس فقہ کو حیدر کرار ٹھکرا دے اس فقہ کو شیعان حیدر کرار ہرگز قبول نہیں کریں گے۔

غوث الاعظم گیارہویں شریف والے عبدالقادر نے فقہ حنفیہ کو ٹھکرا دیا ہے

۵۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ عبدالحی صہ ۱۷۱
شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ حضرت غوث الاعظم پہلے شافعی تھے اور پھر حنبلی مذہب اختیار کیا۔

نوٹ۔ سوا لاکھ مبارکاں پاکستان کے حنفیوں کو۔ زندگی گزر گئی گیارہویں شریف مناتے ہوئے لیکن گیارہویں کا تمام دودھ اور حلوے حرام ہو گئے جس فقہ کا حنفی دم بھرتے ہیں وہ فقہ ان کے غوث الاعظم کو بھی نامنظور تھی پس جب شیعوں نے بھی اس فقہ کو نامنظور کیا تو حنفیوں کو تکلیف کیوں ہوئی ہے۔ بقول حنفی دوستوں کے کہ فقہ نعمان کا مخالف اسلام کا دشمن ہے تو ہم عرض کرتے ہیں کہ پہلا دشمن اسلام آپ کا غوث الاعظم ہے کیونکہ وہ فقہ ابوحنیفہ کا دشمن تھا۔ اور نیز غوث الاعظم نے اپنی کتاب غنیۃ الطالبین صہ ۱۳۶ ذکر تہتر فرقوں کا، میں بیچارے حنفیوں کو نہ صرف اہل سنت والجماعت سے نکال دیا ہے بلکہ بیچارے حنفیوں کو ایک دوزخی فرقہ مرجیہ کی شاخ

قرار دیا ہے۔

قارئین ۔ یہ ہے صلہ گیارہویں کے حلوے اور دودھ کا غوث الاعظم کے نام پر حنفی احباب مزید حلوہ پلاؤ اور دودھ تقسیم کریں اور مزا چکھیں۔

۵۹۔ سنی فقہ میں ہے کہ الا اختلاف من آثار الرحمۃ فمھما کان اکثر کانت الرحمۃ اوفر (دین کے مسائل میں سنیوں کے اماموں میں جو) اختلاف ہے یہ رحمت خداوندی کی نشانی ہے اور (شریعت کے مسئلوں میں) اختلاف جتنا زیادہ ہوگا اتنی ہی رحمت زیادہ ہوگی۔

الدر المختار دیباچہ ص۵

نوٹ۔ قارئین! دیکھا آپ نے ان دین کے ٹھیکیداروں کی چالاکی کو اہلسنت کے اماموں نے شریعت کے مسائل میں جو بھانت بھانت کے فتوے دیئے ہیں انہیں ملوانوں نے کس مکاری سے درست کر لیا اگر ان فتووں کو جمع کیا جائے تو دین اسلام میں کوئی شے نہ ہی نجس رہتی ہے اور نہ ہی حرام رہتی ہے اور امام اعظم نعمان کے متعلق ایک ڈھکوسلا یہ بھی گھڑ لیا ہے کہ انا افتخر برجل من امتی اسمہ نعمان وکنیتہ ابوحنیفہ وھو سراج امتی (حضور پاک نے فرمایا) کہ میں اپنی امت کے ایک مرد پر فخر کروں گا۔ جس کا نام نعمان ہے اور کنیت ابوحنیفہ ہے وہ میری امت کا چراغ شاہ ہے (اور قوم کا جولاہا ہے)

درمختار دیباچہ ملاحظہ ہو)

نوٹ۔ اس حدیث کو خود اہلسنت کے عالم ابن جوزی نے سفید جھوٹ

قرار دیا ہے اور ہم بھی ابن جوزی کی تائید کرتے ہیں کیونکہ نعمان کی وجہ سے بروز قیامت ہمارے نبی کو دوسرے نبیوں کے سامنے شرم آئے گی نیز حنفیوں کا ایک ڈھکوسلا یہ بھی ہے کہ نعمان صاحب ہمارے پیغمبر کا ایک معجزہ ہے ۔ درمختار دیباچہ دیکھیں

نوٹ ۱۔ ہاں یہ معجزہ ہے جو اسی برس معجز نما کے بعد ظاہر ہوا اگر حضور کے زمانے میں یہ معجزہ ظاہر ہوتا تو پھر دین اسلام کی بالکل ہی خیر نہیں تھی اور بی بی عائشہ کے باباجی کو بھی خلافت کا موقعہ نہ دیتا۔

نوٹ ۲۔ اب ہم اس کے بعد فقہیہ مسائل ذکر کریں گے۔ اور شریعت کے مسائل میں اہلسنت کے اماموں نے جو پھلجھڑیاں چھوڑی ہیں اور دین حق کا جس طرح خانہ خراب کیا ہے اسے قارئین کے سامنے بیان کریں گے ؎

عجب بات وہ کہتا کا یار کہتا ہے
کہ شعر وہ ہے جو نتھو لوہار کہتا ہے

سنی فقہ میں طہارت و نجاست کی شان

۶۰۔ اہلسنت کا امام مالک فرماتا ہے کہ کتا پاک ہے اور خنزیر بھی پاک ہے اور سنیوں کا ملا داؤد فرماتا ہے کہ شراب بھی پاک ہے۔ نیز اہلسنت کے چاروں اماموں کا فتوے ہے کہ کافر و مشرک بھی پاک ہیں۔ نیز سنیوں کے امام شافعی اور امام احمد حنبل فرماتے ہیں کہ منی بھی پاک ہے۔ نیز ابو حنیفہ نعمان کے نزدیک کتے کی کھال اور دیگر ہر مردار کی کھال

رنگنے سے پاک ہو جاتی ہے۔

میزان الکبریٰ کتاب الطہارۃ ص۱۱ مؤلف عبدالوہاب شعرانی
رحمۃ الامہ فی اختلاف الائمہ کتاب الطہارۃ مؤلفہ مولوی
محمد بن عبداللہ عثمانی

نوٹ۔ سُنی فقہ بلّے بلّے۔ جس میں کتا بھی پاک۔ خنزیر بھی پاک۔ شراب بھی پاک۔ کافر و مشرک بھی پاک۔ منی بھی پاک ہر مردار کی کھال بھی رنگنے سے پاک۔

قارئین! آپ خود ہی انصاف کریں کہ اگر یہ سب چیزیں پاک ہیں تو پھر نجس کیا رہ گیا۔ مذکورہ تمام چیزیں نجس ہیں اور آلِ نبیؐ نے ان تمام چیزوں کے نجس ہونے کے احکام پہنچائے ہیں۔

۶۱۔ ابو حنیفہ کے نزدیک تیل کے علاوہ ہر آبِ مضاف سے نجاست دور ہو سکتی ہے خواہ وہ تھوک ہی کیوں نہ ہو اور دلیل یہ ہے۔

عن عائشۃ انہا کانت اذا اصاب ثوبہا دم حیض تبصقت علیہ ثم فارکتہ لعود حتی تزول عینہ وبدلیل صحۃ صلوٰۃ المستجمر بالحجر ولو بقی ھنالک اثر النجاستہ

ترجمہ۔ بی بی عائشہ کے کپڑے پر جب خونِ حیض لگ جاتا تھا تو بی بی اس پر تھوک دیتی تھی اور پھر لکڑی سے اُس کو کھرچ دیتی تھی۔ نیز جو شخص ڈھیلے یا پتھر سے مقام پاخانہ صاف کرے اور پانی سے نہ دھوئے اگرچہ کچھ اثر نجاست کا باقی رہ بھی جائے تو اس شخص کی نماز صحیح ہے

میزان الکبریٰ کتاب الطہارت۔

نوٹ۔ فقہ نعمان تیرے قربان اور بی بی عائشہ کے بھی قربان جو خونِ حیض کپڑوں پر تھوک کر پاک کر لیتی تھیں اور منی کو کپڑوں سے کھرچ کر کپڑا پاک کر لیتی تھیں۔

بھلے لوگو! منی اور خونِ حیض سے کپڑا نجس ہو جائے تو تھوکنے یا کھرچنے سے پاک نہیں ہوتا۔

۶۲۔ سنی فقہ میں ہے کہ اذا اصابت النجاستہ لبعض اعضائہ ولحس بلسانہ حتیٰ ذھب اثرھا۔ جب انسان کے کسی بھی عضو پر کوئی نجاست لگ جائے اور آدمی اس کو چاٹ لے یہاں تک کہ اس نجاست کا نشان ختم ہو جائے تو وہ عضو پاک ہے۔

فتاویٰ قاضی خاں کتاب الطہارۃ ص۱۱

نوٹ۔ حضرت نعمان امت محمدؐ کے چراغ شاہ نے کیا پھلجھڑی چھوڑی ہے نعمان کے مذکورہ فتوے کا یہ مطلب ہوا کہ اگر کسی کے آلہ تناسل پر منی یا پیشاب لگ جائے اور وہ خود تکلیف کر کے اسے چاٹ لے یا کسی حنفی بھائی سے چٹوالے تو آلہ تناسل پاک ہے۔

۶۳۔ سُنی فقہ میں ہے کہ پیشاب کے چھوٹے چھوٹے قطرات پاک ہیں۔

فتاویٰ عبدالحیٔ ص۱۰۵

نیز فتاویٰ قاضی خاں اور فتاویٰ سراجیہ کتاب الحظر میں لکھا ہے کہ قرآن پاک کو پیشاب سے لکھنا جائز ہے (نعوذ باللہ)

نوٹ - فقہ نعمان تیرا لکھ نہ رہے جس فقہ میں قرآن پاک کو پیشاب سے لکھنا جائز ہے ایسی فقہ کو دین اسلام نہ سمجھا جائے بلکہ اس پر پیشاب کیا جائے۔

۶۴- سنی فقہ میں ہے کہ قال مالک بطہارۃ السؤر مطلق امام مالک کہتا ہے کہ کتے اور خنزیر کا جوٹھا بلکہ ہر شے کا جوٹھا پاک ہے

رحمتہ الامہ فی اختلاف الائمہ صنا برحاشیہ میزان

نوٹ - سنی فقہ بلے بلے اگر کتے اور خنزیر کا جوٹھا بھی پاک ہے تو پھر مزا تو تب ہے کہ پہلے کچھ دودھ کتے کو پلا دیا جائے اور اس کا بچا ہوا اس ملوانے کو پلایا جائے جو کتے کا جوٹھا پاک سمجھتا ہے۔

سنی فقہ میں وضو کی شان

۶۵- قال الزہری اذا ولغ فی اناء لیس لہ وضو غیرہ یتوضأ بہ کہ جب کتا کسی برتن میں پانی چاٹ لے اور دوسرا پانی بھی موجود نہ ہو تو اسی پانی سے وضو کیا جا سکتا ہے۔

بخاری شریف کتاب الوضوء ص۱۴

